تحفة الطالبين



مَنْ دَلَّ عَلٰى خَيْرٍ فَلَهُ مِثْلُ أَجْرِ فَاعِلِه (صحيح المسلم: 1893)

ترجمہ: "جس نے کسی نیکی کی طرف رہنمائی کی، تو اسے اس نیکی کرنے والے کے برابر ثواب ملے گا۔"

- عمل مختصر اور ثواب زیادہ حاصل کرنے کے وظائف
- دینی مشکلات کے بارے میں وظائف
- دنیوی مشکلات کے بارے میں وظائف
- ہر خوف و غم دور کرنے اور رزق کی فراخی

کے لئے بہترین وظائف کا مختصر مجموعہ

مؤلف: مولانا مفتی حافظ وقاری عاشق الٰہی دیوبندی بن فضل امین بن ولی داد (مرحوم)

مدیر: مدرسہ اشاعت القرآن والسنۃ للبنات بھٹی بازار گئی رزڑ صوابی

فہرست

مقدمة الکتاب

الحمدللّٰه وحده والصلوة والسلام علی من لا نبی بعده امابعد:

فاعوذ باللّٰه من الشیطٰن الرجیم.

بسم اللّٰه الرحمن الرحیم وَ تَعَاوَنُوْا عَلَی الْبِرِّ وَالتَّقْوٰی. (سورۃ المائدۃ: ۲)

و قال النبی ﷺ : الدَّعآءُ مخُّ العِبَادَة. (جامع الترمذی: 3371)

محترم قارئین! اگر دیکھا جائے تو اس مادی دور میں ہر فرد خواہ مرد ہو یا عورت اس دنیا کی رنگینیوں کی طرف متوجہ ہے اور دین کی طرف توجہ بہت کم ہے یقین مادی چیزوں پر زیادہ ہے اور اللہ تعالیٰ کے دربار میں آہ وزاری کرنا دعا کرنا بہت کم ہے۔ بندہ ناچیز نے اس مختصر رسالے میں چند دعائیں اور وظائف ایسے جمع کیے ہیں کہ جنہیں سیکھ کر اپنا معمول بنایا جائے تو انشاء اللہ، اللہ تعالیٰ ہماری ہر حاجت کو دینی ہو یا دنیاوی ہو پورا کرے گا۔ اللہ تعالیٰ میری اس معمولی کاوش کو اپنی دربار میں مقبول فرمائیں۔ اور یہ رسالہ میرے اور میرے والدین کے لئے تا ابد صدقہ جاریہ فرمائیں۔ آمین

مفتی قاری عاشق الٰہی بن فضل امین بن ولی داد (مرحوم)

تاریخ اجراء: 10-05-25

بسم اللہ الرحمن الرحیم

فضائل

☆سورۃ الفاتحہ ☆

سورۃ الفاتحہ پڑھنا قرآن مجید کے دو تہائی کے برابر ہے ۔ (کنوز الحقائق من حدیث خیر الخلائق ص ۵)

☆ ایۃالکرسی ☆

ایۃ الکرسی پڑھنا چوتہائی قرآن کریم کے برابر ہے ۔ (کنوز الحقائق من حدیث خیر الخلائق ص ۷)

☆سورۃ القدر ☆

سورۃ القدر پڑھنا چوتہائی قرآن مجید کے برابر ہے ۔ (عن انس رضی اللہ عنہ ؓ الدر المنثور فی تفسیر الماثور ص ۵۳۴)

☆سورۃ الزلزال ☆

سورۃ الزلزال پڑھنا نصف قرآن مجید کے برابر ہے ۔ (ترمذی حدیث ۲۸۹)

☆سورۃ العادیات ☆

سورۃ العادیات پڑھنا نصف قرآن مجید کے برابر ہے ۔ (الدر المنثور فی تفسیر الماثور ص ۵۴۷)

☆سورۃ التکاثر ☆

سورۃ التکاثر ایک مرتبہ پڑھنے کا ثواب ہزار ایاتوں کے پڑھنے کے برابر ہے ۔ (الدر المنثور فی تفسیر الماثور ص ۵۵۵)

☆سورۃ الکافرون ☆

سورۃ الکافرون پڑھنا چوتہائی قرآن مجید کے برابر ہے ۔ (ترمذی حدیث ۲۸۹۴)

☆سورۃ النصر ☆

سورۃ النصر پڑھنا قرآن مجید کے چوتہائی حصے کے برابر ہے ۔ (عن انس رضی اللہ عنہ روح المعانی ص ۶۷۷ ج ۳۰)

☆ سورۃ الاخلاص ☆

سورۃ الاخلاص پڑھنا تہائی قرآن مجید کے برابر ہے۔ (بخاری شریف ص ۷۵۵ ج ۷)

☆ بیس لاکھ نیکیاں ☆

حضرت عبداللہ بن اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے، کہ حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا کہ : جو شخص یہ کلمات ایک مرتبہ پڑھ لے، تو اللہ تعالیٰ اس کو بیس لاکھ نیکیاں عطاء فرمائے گا :

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ اَحَدًا صَمَدًا لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَّهٗ كُفُوًا اَحَدٌ۔

(الترغیب و الترھیب ص 249)

اہم گزارش

پورے قرآن مجید پڑھنے کی جو فضلیت ہے، اس کی برابری ان اعمال کے کرنے سے نہیں ہو سکتی، فرائض وواجبات کا درجہ اپنی جگہ پر ہے۔ مذکور بالا اعمال کا درجہ اجر وثواب اپنی جگہ پر ہے، یہ اعمال فرائض وواجبات کی تکمیل اور رفع درجات کیلئے انتہائی مفید ہے۔

☆ رسول اللہ ﷺ کی سنتوں کے مطابق اعمال ☆

☆ توبہ واستغفار ☆

(۱۱) یومیہ استغفار : اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَاَتُوْبُ اِلَيْهِ : دن میں ستر/۷۰ مرتبہ پڑھنا سنت ہے۔ (طحاوی ص ۳۶۶)

☆ نماز کے بعد استغفار ☆

نماز سے فارغ ہو کر تین مرتبہ استغفار پڑھنا سنت ہے۔ (ابوداود ص ۲۱۲)

☆ نوافل نمازوں کی فضائل ☆

☆ صلوٰۃ زوال کی فضیلت ☆

آپ ﷺ نے فرمایا کہ جو شخص سورج ڈھلتے ہوئے وضو کرے اور دو رکعت نماز پڑھے تو اس کے گناہ معاف کر دئے جاتے ہیں، یا ایسا ہو جاتا ہے، کہ اس کی ماں نے جنا ہو۔

(کنز العمال ص ۸۱۲)

☆ ظہر سے قبل چار رکعت کی فضیلت ☆

آپ ﷺ نے فرمایا کہ جس نے ظہر سے قبل چار رکعت پڑھیں گویا اس نے خاندان اسماعیل کے ۴ غلاموں کو آزاد کیا۔

(مجمع ص ۲۲۵ /۲)

☆ جہنم سے خلاصی ☆

حضرت ام حبیبہ رضی اللہ عنھا سے روایت ہے : کہ جو ظہر سے قبل ۴ رکعت اور ظہر کے بعد ۴ رکعت پڑھے گا تو جہنم سے نجات پائے گا۔

(نسائی ص ۲۵۸)

☆ عصر سے پہلے چار /۴ رکعت کی فضیلت ☆

آپ ﷺ نے اس پر رحمت خدا کی دعا کی جو عصر سے پہلے چار /۴ رکعت پڑھے۔ (ترمذی ص ۹۸)

☆ جنت میں گھر ☆

آپ ﷺ نے فرمایا جو شخص عصر سے پہلے چار /۴ رکعت پر ہمیشگی کرے گا، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے جنت میں گھر بنائے گا۔

(مجمع ص ۲/۲۲۲)

☆ مغرب کی سنتیں گھر میں مسنون ہے ☆

مغرب کے بعد آپ ﷺ دو /۲ رکعت اکثر گھر میں پڑھتے ۔ (ترمذی ۹۸)

☆ بھی مسجد میں مسنون ہے ☆

کبھی مغرب کی سنت مسجد میں پڑھ لیتے ۔ (طحاوی ص ۲۰۱)

☆ پچاس سال کے گناہ معاف ☆

آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جس نے مغرب کے بعد چھ /۶رکعت گفتگو کرنے سے قبل پڑھیں تو اس کے پچاس سال کے گناہ معاف ہو جائیں گے ۔

☆ بارہ/۱۲سال کے عبادت کا ثواب ☆

اور ایک روایت میں ہے کہ ۱۲ سال کی عبادت کے برابر ثواب ملے گا۔

☆ مغرب کے بعد چار/۴رکعت ☆

آپ ﷺ مغرب کے بعد چار/۴رکعت پڑھتے تھے ۔ (قیام الیل ص ۸۸)

☆ اوابین کی نماز ☆

حضرت عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے : کہ مغرب اور عشاء کے درمیان جو خلوت میں نماز پڑھی جائے وہ اوابین میں سے ہے ۔ (قیام الیل ص۸۸)

مغرب اور عشاء کے درمیان نوافل: آپ ﷺ مغرب کے بعد نوافل پڑھتے رہے یہاں تک کہ عشاء کے نماز پڑھ کر نکلے ۔ (ترمذی)

حضرات صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی ایک جماعت مغرب اور عشاء کے درمیان نماز پڑھا کرتے تھے، تو اس پر « تتجافی جنوبھم عن المضاجع » ایت نازل ہوئی۔ (نیل ۵۴/۳)

☆ عشاء کے بعد چار/۴رکعت ☆

آپ ﷺ نے فرمایا: کہ عشاء کے بعد چار/۴رکعت شب قدر کے چار/۴رکعت کی طرح ہے ۔ (مجمع ۲۳۱/۲)

☆ سنتیں گھر میں پڑھنا مسنون ہے ☆

فرائض سے پہلے اور بعد کی سنتوں کو آپ ﷺ گھر میں ادا فرما لیتے ۔ (زاد المعاد ۳۱۴/۱)

☆ شب قدر کے برابر ثواب ☆

آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جو عشاء کی نماز جماعت کے ساتھ پڑھے، پھر مسجد سے نکلنے سے پہلے چار/۴ رکعت پڑھے تو اس کو شب قدر کے برابر ثواب ملے گا۔ (مرقاۃ ۱۳۳/۴)

☆ تہجد کے فضائل ☆

فرائض کے بعد تہجد کا درجہ زیادہ ہے ۔ (ترمذی)

تہجد والا جنت میں سلامتی سے داخل ہو گا۔ (ترغیب ۴۲۵/۱)

تہجد والوں کے لئے جنت میں شیش محل ہو گا۔ (ترغیب ۴۲۴)

تہجد پڑھنے والے بلا حساب جنت میں داخل ہوں گے ۔ (ترغیب ۴۲۶)

تہجد صالحین کا شعار ہے ۔ (ترمذی ، ترغیب ۴۲۷/۱)

اہل تہجد کی دعا رد نہیں کی جاتی۔ (بخاری ۱۵۳ ، مسلم ۲۵۸)

تین شخص اللہ پاک کو بہت زیادہ محبوب ہیں، (۱) جو رات کو اٹھ کر عبادت کرے ۔ (۲) بہت چھپ کر صدقہ کرے ۔ (۳) کفار کا مقابلہ ڈٹ کر کرے۔ (مسند احمد ، مشکوۃ)

☆ اشراق کی فضیلت ☆

اشراق کی نماز کا ثواب مقبول حج و عمرہ ہے ۔ (ترمذی ۱۳۱)

اشراق سے جسم پر جہنم حرام ہو جاتی ہے ۔ (ترغیب ۲۹۴/۱)

اشراق کی نماز سے سمندر کی جھاگ سے زیادہ گناہ ہوں، تب بھی معاف ہو جاتے ہیں ۔ (اعلاء السنن ۲۶/۷)

☆ چاشت کی نماز ☆

چاشت کی آٹھ /۸ رکعت پڑھنا سنت ہے۔ (بخاری ۱۵۸)

چاشت کی نماز چار /۴ رکعت پڑھنا بھی سنت ہے ۔ (مسلم ۲۴۹)

چاشت کی نماز دو /۲ رکعت پڑھنا بھی سنت ہے ۔ (زاد المعاد ۱/۳۴۸)

چاشت کی نماز چھ /۶ رکعات پڑھنا بھی سنت ہے ۔ (مجمع ۲/۲۳۷)

آپ ﷺ چاشت کی نماز کبھی ترک بھی فرماتے تھے ۔ (ترمذی ۱۵۸)

☆ چاشت کی فضیلت ☆

جسم کے ۳۶۰ جوڑوں کا صدقہ کے لئے چاشت کے دو /۲ رکعت کافی ہیں۔ (ابوداد ۱۸۲)

چاشت کی نماز میں سورۃ الشمس اور سورۃ الضحیٰ پڑھنا سنت ہے ۔ (اتحاف السعادۃ ۳۷۲)

☆ سوتے وقت آپ ﷺ کے قرآنی معمولات کا بیان ☆

سوتے وقت الم سجدہ اور سورۃ ملک پڑھنا سنت ہے ۔ (ترمذی ۱۷۶)

حم سجدہ بھی پڑھنا سنت ہے ۔ (درمنثور ۷/۲۳۳)

سورۃ کافرون پڑھنا سنت ہے ۔ (مجمع ۱/۱۲۱)

مسبحات کی تلاوت کرنا سنت ہے ۔ (ابوداؤد ۶۷۹)

آپ ﷺ جب تک سورۃ زمر اور سورۃ بنی اسرائیل نہ پڑھ لیتے سوتے نہیں تھے ۔ (اذکار نبوی ﷺ ۷۷)

آلعمران کی آخری آیتیں پڑھنا سنت ہے ۔ (ابن سنی ۶۸۸)

معوذتین کی تلاوت کرنا سنت ہے ۔ (بخاری ۹۳۵)

آیۃ الکرسی تلاوت کرنا سنت ہے ۔ (کنز العمال 19/236)

☆ سوتے وقت قرآن پڑھنے کی فضیلت ☆

آپ ﷺ نے فرمایا: جو شخص رات میں چالیس /۴۰ آیتوں کی تلاوت کرے گا، تو وہ غافلین میں شمار نہیں لکھا جائے گا اور جو ایک سو /۱۰۰ آیتوں کی تلاوت کرے گا، تو وہ قانتین عبادت گزار میں لکھا جائے گا۔ (ابن سنی ۶۷۲)

سورۃ حشر کی آخری تین /۳ آیتیں تلاوت کرنا سنت ہے ۔ (ابن سنی ۷۱۸)

☆ سورۃ بقرہ کی دس /۱۰ آیتوں کی فضیلت ☆

جو سورۃ بقرہ کی دس /۱۰ آیتیں پڑھے گا، تو شیطان تین /۳ دن تک اس کے گھر میں داخل نہیں ہو گا: وہ دس /۱۰ آیتیں اول چار آیتیں اور آیۃ الکرسی اور اس کے بعد کی دو /۲ آیتیں اور آخر کی تین آیتیں۔ (دارمی ۱/۴۴)

جو ان آیتوں کو سوتے وقت پڑھے گا، تو وہ قرآن نہ بھولے گا۔ (دارمی ۴۴۹)

☆ سورۃ اخلاص پڑھ لی تو ہر شر سے حفاظت ☆

جب تم نے اپنے پہلو کو بستر پر رکھ دیا، اور سورۃ فاتحہ اور سورۃ اخلاص پڑھ لی تو موت کے علاوہ ہر شر، شئے سے محفوظ ہو گئے۔
(کنز العمال ۱۹/۱۴۱)

☆ سوتے وقت ذکر کرنے کی فضیلت ☆

سوتے وقت ذکر کرنے والے کی دعا قبول ہوتی ہیں۔ (مسند احمد ۵/۳۳۶)

ذکر کی حالت میں سونے والے پر فرشتوں کی نگرانی ہوتی ہے۔ (الدعا للطبرانی ۲۲۵)

☆ گناہ معاف ہونے کی فضیلت ☆

آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جو اپنے بستر پر جاتے وقت: **اَسۡتَغۡفِرُ اللّٰہَ الَّذِیۡ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الۡحَیُّ الۡقَیُّوۡمُ وَ اَتُوۡبُ اِلَیۡہِ** ،

تین/۳ مرتبہ پڑھ لے، تو اس کے سارے گناہ معاف ہو جائیں گے۔ (کنز العمال ۱۹/۴۵)

خادم سے بہتر وظیفہ: نبی پاک ﷺ نے حضرت علی ♦ و فاطمہ رضی اللہ عنھا سے فرمایا: کہ تم کو خادم سے بہتر چیز نہ بتادوں؟ (وظیفہ)، جب تم دونوں بستر پر جاؤ، تو ۳۳ مرتبہ **سبحان اللہ، ۳۳ مرتبہ الحمد للہ، ۳۳ مرتبہ اللہ اکبر** پڑھ لیا کرو، یہ تم دونوں کے لئے خادم سے بہتر ہے

۔ (بخاری ۲/۹۳۵)

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ جب سے آپ ﷺ نے یہ فرمایا: تب سے ہم کبھی اس کا ورد نہیں چھوڑا، چنانچہ صفین کے موقع پر (جو ایک تاریخی جنگ تھی) بھی نہیں چھوڑا۔ آخر رات میں موقع ملا تو پڑھ لیا۔ (ابوداود ۲/۶۹۰)

☆ اللہ تعالیٰ کی نداء ☆

نبی کریم ﷺ نے فرمایا: کہ ہمارا رب ہر رات جب ایک تہائی رات باقی رہ جاتی ہے، تو آسمانی دنیا پر نزول فرماتے ہیں : کہ کون ہے؟ جو مجھ سے دعا کرے، میں اس کی دعا قبول کروں، کون ہے؟ جو مجھ سے مانگے ، میں اس کو دوں، کون ہے ؟ جو مجھ سے گناہوں کی معافی چاہے، میں اسے معاف کردوں (بخاری ۱۵۳)

☆ اللہ تعالیٰ سب سے قریب کس وقت ☆

نبی کریم ﷺ نے یہ فرمایا ہے: کہ اللہ تعالیٰ سب سے زیادہ قریب بندے کے آخر شب میں ہوتا ہیں۔ اگر تم سے ہوسکے، تو اس وقت اللہ تعالیٰ کو یاد کرنے والوں میں سے ہو جاؤ۔ (ترمذی ۲/۱۹۸)

☆ درود پاک کے چند اہم فضائل ☆

ایک مرتبہ درود اور دس رحمتیں

(۱)حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ: آپ ﷺ نے فرمایا: جو مجھ پر ایک مرتبہ درود پڑھے گا، تو اس پر اللہ تعالیٰ دس/۱۰ رحمتیں نازل فرمائیں گے۔ (مسلم ۱/۱۹۵)

(۲)حضرت ابن عمرو بن العاص رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: کہ جو شخص آپ ﷺ پر ایک درود پڑھے گا، اس پر اللہ تعالیٰ کی ستر/۷۰ رحمتیں اور فرشتوں کی ستر/۷۰ دعائیں ہونگے۔ (ترغیب ۲/۴۹۷)

☆ دس/۱۰ درود سو/۱۰۰ رحمت خداوندی کا باعث ☆

(۳) آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جو مجھ پر دس/۱۰ مرتبہ درود بھیجے گا، تو اللہ تعالیٰ اس پر سو/۱۰۰ رحمتیں نازل فرمائیں گے اور جو مجھ پر سو/۱۰۰ دفعہ پڑھے گا، تو اللہ تعالیٰ اس پر ہزار رحمتیں نازل فرمائیں اور جو محبت وشوق سے زائد پڑھے گا، تو میں اس کے لئے قیامت کے دن گواہی دوں گا اور شفاعت کروں گا۔ (القول البدیع ۴/۹۹)

☆ جو اللہ تعالیٰ کی ناراضگی سے محفوظ رہنا چاہتا ہے ☆

(۴) آپ ﷺ نے فرمایا: کہ مجھ سے جبرائیل علیہ السلام نے فرمایا: کہ اے محمد ﷺ! اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: کہ جو آپ پر دس/۱۰ مرتبہ درود پڑھے گا، تو وہ اللہ تعالیٰ کی ناراضگی اور غضب سے مامون رہے گا۔ (القول البدیع ۱۱۸)

☆ جمعہ کے دن عصر کے بعد کے درود کی فضیلت ☆

(۵) آپ ﷺ سے منقول ہے: کہ جو شخص جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے ۸۵ مرتبہ درود شریف پڑھے، تو اس کے 80 سال کے گناہ معاف ہوں گے، اور 80 سال کی عبادت کا ثواب اس کے لئے لکھا جائے گا۔

اللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا ۔ (القول البدیع ۱۸۸)

☆ درود پاک لکھنے کا ثواب ☆

(٦) آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جس نے میری کوئی روایت لکھی تو اس کے ساتھ درود بھی لکھا تو جب تک وہ کتاب پڑھی جائے گی، تو درود کا ثواب باقی رہے گا۔ (القول البدیع ٣٣٨)

☆ درود کی وجہ سے دعا کی قبولیت ☆

(٧) حضرت عمر فاروق رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ دعائیں آسمان وزمین کے درمیان رکی رہتی ہیں، اس کا کوئی حصہ بھی نہیں پہنچتا، یہاں تک کہ تم اپنے نبی کریم ﷺ پر درود بھیجو۔ (الترغیب ٥٥٥ ، حصن حصین)

☆ وہ درود جس کا ثواب ستر /٧٠ فرشتے لکھیں گے ☆

(٨) آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جو شخص یہ ہمارے دعا کرے تو اس کا ثواب ستر فرشتے ایک ہزار /١٠٠٠ دن تک مشقت میں ڈالے گا: یعنی: ایک ہزار دن تک ثواب لکھتے لکھتے تھک جائیں گے ، **جَزَى اللّٰهُ عَنَّا مُحَمَّدًا ﷺ مَا هُوَ اَهْلُهٗ**۔ (الترغیب ٥٠٤)

☆ نسیان (بھول) کا علاج درود سے ☆

حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: کہ جس کو نسیان اور بھول کا عارضہ زیادہ پیش آتا ہو، تو وہ نبی پاک ﷺ پر کثرت سے درود پڑھا کرے۔ (القول البدیع ٢١٧ ابن بشکوال)

☆ رسول اللہ ﷺ کے قریب ہونا ☆

(٩) قیامت کے دن رسول اللہ ﷺ کے قریب تر انسان وہ ہو گا، جو رسول اللہ ﷺ پر زیادہ درود بھیجے گا۔ (ترمذی ، مرقاۃ)

☆ صلوۃ التسبیح ☆

احادیث میں اس نماز کے بڑے فضائل وارد ہوئی ہیں، بعض احادیث میں آتا ہے : کہ اللہ تعالیٰ اس نماز کی وجہ سے اگلے، پچھلے، نئے اور پرانے، بھول اور ارادے سے چھوٹے اور بڑے، چھپے اور کھلے تمام گناہ بخش دیتا ہے ۔ نبی اکرم ﷺ نے ایک دفعہ اپنے چچا عباس رضی اللہ عنہ سے فرمایا : کہ اگر تجھ سے ہوسکے تو ہر روز اس نماز کو پڑھ لے اگر یہ نہ ہوسکے تو ہر مہینہ میں ایک بار، اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو ہر سال میں ایک بار، اگر یہ بھی نہ ہوسکے تو ساری زندگی میں ایک بار پڑھ ضرور پڑھ لے ۔

ترکیب نماز: چار/۴ رکعت نفل کی نیت باندھ کر پہلے ثناء: یعنی:

سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ پڑھنے کے بعد سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ، پندرہ/۱۵ مرتبہ پڑھے،

پھر تعوذ، تسمیہ ،سورۃ فاتحہ اور کوئی سورت پڑھنے کے بعد دس/۱۰ مرتبہ

پھر رکوع میں	۱۰ بار
رکوع سے سر اٹھائے اور تسمیع اور تحمید کے بعد	۱۰ بار
پھر سجدہ میں جائے اور	۱۰ بار
پھر سجدہ سے اٹھ کر بیٹھے ہوئے	۱۰ بار
پھر دوسرے سجدے میں بھی	۱۰ بار

یہی تسبیح پڑھے، پھر سجدے سے اٹھ کر دوسری رکعت شروع کردے ، پہلی رکعت کی طرح سورۃ فاتحہ سے پہلے پندرہ/۱۵ بار یہی تسبیحات پڑھے، ہر رکعت میں کل ۷۵ بار تسبیح پڑھے تاکہ چاروں رکعتوں میں تین سو/۳۰۰ بار ہوجائیں۔ (ترمذی ۱۰۹)

نوٹ : یہ نماز وقت مکروہ کے علاوہ جب چاہے ، پڑھ سکتا ہے ۔ اگر سجدہ سہوہ کی ضرورت پڑجائے ، تو سہو میں تسبیح نہیں پڑھی جائے گی۔ (ترمذی ۱۱۰)

☆ ایک ہزار/۱۰۰۰ رکعات نوافل کی ثواب ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایاہے: کہ ایک ایت کتاب اللہ کی سیکھنا سو/۱۰۰ رکعات نوافل سے بہتر ہے اور علم کا ایک باب سیکھنا ہزار/۱۰۰۰ رکعات نوافل پڑھنے سے بہتر ہے۔ (ابن ماجه)

☆ جنت واجب ہونے والی کلمات ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایاہے: کہ جو یہ کلمات پڑھے گا، تو اس کے لئے جنت واجب ہو تا ہے۔

رَضِيتُ بِاللهِ رَبًّا وَبِالْإِسْلَامِ دِينًا وَبِمُحَمَّدٍ رَسُولًا.

☆ تحية الوضوء کے ساتھ بندے کے لئے جنت واجب ہو تا ہے ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایاہے: کہ جو کوئی اچھے طریقے سے وضوء کر تا ہے اور پھر ظاہری اور باطنی توجہ کے ساتھ دو/۲ رکعات نماز ادا کریگا تو اس کے لئے جنت واجب ہو تا ہے۔ (مسلم)

☆ سورة الاخلاص کی فضیلت ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ جو شخص قُلْ هُوَ اللهُ أَحَدٌ کو یعنی سورۃ اخلاص کو دس/۱۰ مرتبہ پڑھے گا، تو اللہ تعالیٰ جنت میں اس کا گھر بنا دے گا۔

(رواه طبرانی فی الکبیر ۱۸۴/۲۰ ، مسند احمد ۴۳۷/۳)

☆ جنت میں درخت بونا ☆

حضرت ابن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: کہ رسول اللہ نے فرمایا: کہ جس شخص نے یہ کلمات پڑھے تو اللہ تعالیٰ ہر مرتبہ پر ایک درخت جنت میں بو دے گا:

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلهِ وَلَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ وَاللهُ أَكْبَرُ۔ (طبرانی)

فجر کے فرضوں کے بعد سو/۱۰۰ مرتبہ یہ دعا پڑھے: رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ جو شخص فجر کے بعد سو/۱۰۰ مرتبہ یہ دعا پڑھے، اس سے قبل کہ وہ اپنی جگہ سے اٹھے مگر یہ کہ اس دن اہل زمین میں اس سے بہتر آدمی نہیں ہو گا مگر جو یہ عمل کرلے یا زیادہ کرلے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔

(رواه الطبرانی فی الکبیر ۲۸۰/۸)

☆ دس نیکیاں ملنا اور دس/ ۱۰ گناہ مٹ جانا ☆

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مروی ہے: کہ نبی کریم ﷺ فرماتے ہیں: کہ جس شخص نے درج ذیل کلمات صبح کے وقت پڑھے دس/۱۰ بار

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ۔

فضیلت: اللہ تعالیٰ پڑھنے والے کے لئے ہر جملہ کی عوض دس/۱۰ نیکیاں لکھ دیتا ہے۔ اور دس گناہ مٹا دیتا ہے اور درجہ کو بلند کر دیتا ہے اور دس/۱۰ غلام آزاد کرنے کا ثواب دیتا ہے اور شیطان کے شر سے محفوظ رہتا ہے۔ (مسند احمد ۴۲۰/۵ ، طبرانی ۱۵۱/۴)

☆ غم اور پریشانی کے وقت دعا ☆

اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا شَرِيْكَ لَهٗ (اخرجه البخاری فی التاریخ الکبیر ۳۰۰۶)

فضیلت: اس دعا کو تین/۳ مرتبہ یا سات/۷ مرتبہ پڑھ لے، امید ہے کہ پریشانی فوراً دور ہو جائیگی۔

☆ جنت کے درخت ☆

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ ۔ (رواه الترمذی ۵۱۰/۵)

فضیلت :رسول اللہ ﷺ فرماتے ہے : کہ معراج کی رات کو میں نے حضرت ابراہیم علیہ السلام سے ملاقات کی، حضرت نے فرمایا: میری طرف سے اپنی امت کو سلام کہنا اور ان کو خبر دینا کہ جنت میں مٹی مشک سے زیادہ خوشبودار ہے، پانی اس کا میٹھا ہے، اور اس کے درخت سُبْحَانَ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ ہیں۔

☆ سو/۱۰۰ نیکیاں اور اس غلام دس/۱۰ آزاد کرنے کا ثواب ☆

حدیث مبارک میں ہے: کہ جس نے درج ذیل کلمات پڑھے . لَا اِلٰہَ اَلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ لَہُ الْمُلْكُ وَلَہُ الْحَمْدُ یُحْیِیْ وَیُمِیْتُ وَھُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ۔

فضیلت: دن میں سو/۱۰۰ مرتبہ پڑھ لیں، اس کے لئے دس/۱۰ غلام آزاد کرنے کا ثواب ملے گا، سو/۱۰۰ نیکیاں اس کے نامہ اعمال میں لکھ دی جائیں گے، سو/۱۰۰ گناہ مٹ جائیں گے اور سارے دن شیطان سے اس کی حفاظت کی جائیگی، یہاں تک کہ شام ہو جائے ۔ جو یہ دعا پڑھے گا تو اس کے پڑھنے والے کے علاوہ کوئی اور شخص زیادہ عمل لے آئے تو اس سے افضل ہو گا۔ (ترمذی)

☆ خزانہ جنت ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ جنت کی خزانوں میں سے ایک خزانہ ہے ۔ (بخاری ۲/۶۰۵)

فضیلت : یہ کلمہ شیطانی اثرات دور کرنے کے لئے زبر دست تاثیر رکھتا ہے ۔

بیٹھنے کی حالت میں نفل کرنا آدھا ثواب رکھتا ہے ،

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ بیٹھنے کی حالت میں نفل کرنے سے آدھا ثواب ملتا ہے ۔ (صحیح الجامع ۷۱۰/۲)

☆ فرشتوں کی دعا کے حصول کا طریقہ ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ جب غائب، غائب کے لئے دعا کرتا ہے، تو فرشتے اس دعا کرنے والے کے لئے دعا کرتا ہے ۔ (صحیح الجامع ۱۵۸/۱)

☆ دعا کی قبولیت کے لئے ایک وظیفہ ☆

حضرت انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے : کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ يَاذَى الْجَلَالِ وَالْإِكْرَامِ دعا کرتے وقت ضرور پڑھو، دعا کرتے وقت مندرجہ بالا کلمات کم سے کم تین /۳ مرتبہ ضرور پڑھنا چاہئے، اس کے پڑھنے سے ان شاء اللہ دعا قبول ہو گی۔

☆ سورة الملک کی فضیلت ☆

حدیث شریف کا مفہوم ہے : کہ سورة الملك پڑھنا عذاب قبر سے نجات ہے ۔ (حسن الجامع ۴۲۰/۱)

☆ اسمآء الحسنیٰ کی فضیلت ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے : کہ بے شک اللہ تعالیٰ کے ننانوے /۹۹ نام ہیں جو بھی اس کو یاد کرلے وہ جنت میں جائے گا۔ (صحیح الجامع ۴۳۳/۱)

☆ حج اور عمرے کا ثواب ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ جو شخص صبح کی نماز پڑھے باجماعت اور پھر مسجد میں بیٹھ جائے نماز چاشت تک اور پھر نماز چاشت پڑھے تو اس شخص کے لئے کامل حج اور عمرے کا ثواب ہے ۔ (رواہ الدینوری فی المجالسة ۳۰۸۹/۲۴)

☆ کلمہ طیبہ کی فضیلت ☆

(۱)حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ اپنے بچوں کو پہلا کلمہ طیبہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کے ساتھ ابتداء کراؤ اور ان کو بڑے ہونے پر موت کے وقت بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تلقین کرو، بے شک جس انسان کی پہلی کلام بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو اور آخری کلام بھی لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پھر وہ خواہ ہزار/۱۰۰۰سال زندہ رہے، اس سے کسی ایک گناہ کے بارے میں بھی نہیں پوچھا جائے گا۔ (بیہقی)

(۲)حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : جو بوقت موت لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی تلقین کیا گیا وہ جنتی ہے ۔ (مجمع)

☆ حضور اکرم ﷺ کی شفاعت کی سعادت ☆

(۳)حضور اکرم ﷺ نے ارشاد فرمایا: کہ سب سے زیادہ سعادت مند اور نفع اٹھانے والا میری شفاعت کے ساتھ وہ شخص ہو گا، جو دل کے خلوص کے ساتھ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہے۔ (بخاری)

☆ حضور اکرم ﷺ کا پسندیدہ شخصیت ☆

(۴)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ سُبْحَانَ اللّٰہُ، اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ، وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کا پڑھنے والا مجھے دنیا کی تمام چیزوں سے زیادہ محبوب ہے۔ (مشکوۃ)

☆ جنت کی کنجی ☆

(۵)حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کی شہادت دینا جنت کی کنجی ہے ۔ (مسند احمد)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ جس شخص کا آخری کلمہ لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہو، وہ جنت میں داخل ہو گا۔ (بیہقی)

(۶)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ بندوں کو اللہ کی ناراضی سے روکتا ہے، جب تک کہ وہ دنیا کے صفقے کو اپنے دین پر ترجیح دیں اور جب اپنی دنیا کے صفقہ کو اپنے دین پر ترجیح نہ دیں، پھر کہتے ہیں کہ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ، تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے، تم جھوٹ کہتے ہو۔

ہمیں یہ حدیث بیان کی ابو سعید زاہد نے، ان کو ابو سعی احمد بن ابو بکر بن عثمان حیری نے، ان کو حسن بن سفیان شیبانی نے، ان کو حسین ابن علی بن اسود عجلی نے، اس نے اس کو اپنی اسناد کے ساتھ ذکر کیا ہے، علاوہ ازیں اس نے کہا ہے: کہ جب وہ اپنی دنیا کو اپنے دین پر ترجیح دینگے، پھر کہیں گے لَآ اِلٰہ اِلّا اللہ تو یہ ان پھر واپس مار دیا جائے اور اللہ تعالیٰ ان سے کہے گا کہ تم جھوٹے ہو۔

(گلدستہ احادیث مولانا عبد القیوم ص ۱۳۴ بحوالہ اخرجہ الحکیم)

☆ اخلاص کے ساتھ کلمہ طیبہ پڑھنا ☆

(۷) حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : جو شخص اخلاص کے ساتھ لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ کہی وہ جنت میں داخل ہو گا، کسی نے پوچھا کہ کلمہ کے اخلاص (کی علامت) کیا ہے، آپ ﷺ نے فرمایا : کہ حرام کاموں سے اس کو روک دے۔ (طبرانی)

☆ افضل ذکر اور دعا ☆

(۸)رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تمام اذکار میں افضل لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ ہے اور تمام دعاؤں میں افضل اَلْحَمْدُ لِلّٰہ ہے۔ (مشکوۃ)

(۹)حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ تم لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور استغفار کو اختیار کرو اور دونوں کی کثرت کرو، کیونکہ ابلیس کہتا ہے : کہ میں نے لوگوں کو گناہوں سے تباہ کیا اور انہوں نے مجھ کو لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ اور استغفار سے تباہ کیا ,(کیونکہ اس کی برکت سے وہ گناہ معاف ہو جاتے ہیں،

تو میرا سب کیا ہوا برباد ہو جاتا ہے ۔) پھر جب میں نے دیکھا تو میں نے ان کو بدعات سے تباہ کیا اور وہ یہ سمجھ رہے ہیں کہ ہم ہدایت پر ہیں، اس اس سے توبہ نہیں کرتے تو اس سے میرا مقصود حاصل ہو گیا۔ (کنوز ، فضائل اعمال)

☆ کلمہ طیبہ کامیابی ہے ☆

(۱۰)حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ اے لوگوں لَآ اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ پڑھ لو کامیاب ہو جاؤ گے ۔ (الطبرانی)

☆ اجر و ثواب ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ جب بھی اللہ تعالیٰ کسی بندے پر کوئی انعام کرتے ہیں اور وہ یہ کہتا ہے : کہ اَلْحَمْدُلِلّٰہ ، تو وہ اللہ تعالیٰ کی اس نعمت کا شکر ادا کرلیتا ہے اگر دوسری بار کہتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے لئے ثواب متعین فرما دیتے ہیں اور اگر وہ اس کو تیسری بار کہتا ہے، اللہ تعالیٰ اس کے سارے گناہ معاف کر دیتے ہیں ۔ (بیہقی)

☆ جلدی ثواب والی عبادت ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : سب عبادتوں سے جلدی ثواب والی عبادت صلہ رحمی ہے ۔ (الکشاف)

☆ یوم عاشورہ کے روزے کا ثواب ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ یوم عاشورہ (دسویں محرم) کا روزہ میں اللہ تعالیٰ سے ثواب کی امید کرتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ اس کو اس سے قبل کے سال بھر کا کفارہ بنادے ۔ (مسلم)

☆ اندھے شخص کی خدمت ☆

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ جو شخص اندھے کو چالیس /۴۰ یا پچاس /۵۰ ہاتھ چلائے تو اس کے لئے ایک غلام آزاد کرنے کی طرح ثواب ہو گا۔ (بیہقی)

☆ جمعہ کے دن اعمال اور ثواب ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : جو شخص جمعہ کے دن غسل کرے تو اس کے گناہ مٹ جاتے ہیں اور غلطیاں بھی پھر جب وہ نماز جمعہ کی طرف پیدل چلتا ہے تو اس کے ہر قدم کے بدلے میں بیس /۲۰ سال کا اجر اس کے لئے ہوتا ہے اور جب وہ جمعہ سے فارغ ہوتا ہے، تو اسے دو سو / ۲۰۰ سال کا اجر دیا جاتا ہے ۔ (بیہقی)

☆ والدہ کی طرف نظر شفقت سے دیکھنا حج مقبول کا اجر ملتا ہے ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ نہیں کوئی بیٹا نیکی کرنے والا جو اپنی والدہ کی طرف نظر شفقت سے دیکھتا ہے مگر اس کو ہر نظر کے بدلے میں حج مقبول کا اجر ملتا ہے ، صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین نے پوچھا، اگر چہ وہ ایک دن میں سو / ۱۰۰ بار بھی دیکھے ؟ فرمایا : کہ اللہ تعالیٰ اس سے بہت بڑا ہے، اور زیادہ پاکیزہ ہے ۔ (بیہقی)

☆ دو / ۲ قیراط کا ثواب ☆

نبی کریم ﷺ نے فرمایا : کہ جو شخص نماز جنازہ پڑھے، تو اس کے لئے ایک قیراط ثواب ہے ، اور جو جنازے کے ساتھ ساتھ جائے حتیٰ کہ اس کے سارے کام پورے کر کے واپس آئے تو اس کے لئے دو / ۲ قیراط ثواب ہے ۔ (مسلم)

☆ سلام کرنے کا ثواب ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ پورا سلام کرنے کے ۳۰ نیکیاں ہیں (ترمذی)

☆ میت کو غسل دینے کی فضیلت ☆

رسول اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ جس شخص نے میت کو غسل دیا اور اس کے غیب کو چھپایا تو اس کی چالیس / ۴۰ مرتبہ مغفرت کی جائیگی اور جس نے میت کو کفن دیا تو اللہ تعالیٰ اس کو جنت کا باریک اور موٹا ریشم پہنائے گا اور جس نے میت کے لئے قبر کھودی اور اس کو اس میں دفن کیا، تو اس کو ایسے اجر ملے گا، جیسے کسی کو گھر اور ٹھکانہ دینے کا اجر قیامت کے دن ہوتا ہیں۔ (بیہقی)

☆ ام سلمہ رضی اللہ عنہا کی دعا ☆

اُم سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں : کہ جب میرے شوہر ابو سلمہ رضی اللہ عنہ کا انتقال ہو گیا، تو میں نے سوچ لیا، کہ ابو سلمہ رضی اللہ عنہا سے بہتر کون ہو سکتا ہے، میرے لے وہ تو صحابی رسول بھی تھے، پھر اللہ تعالیٰ نے مجھے پختہ یقین عطا کیا میں نے یہی دعا کی کہ : اے اللہ تعالیٰ میری اس مصیبت پر مجھے اجر عطا فرما اور اس مصیبت کے بعد اس نقصان سے بہتر نعمت عطا فرمایا۔ فرماتی ہیں : کہ اس کے چند دنوں بعد میرا بیاہ رسول اللہ ﷺ کے ساتھ ہو گیا۔ (بیہقی)

☆ معمولی تکلیف پر بھی اجر ملی گا ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کوئی بھی مصیبت جو مسلمان کو پہنچائی جائے، اس کے ذریعے اس شخص کے گناہ مٹا دئے جاتے ہیں حتیٰ کہ کانٹا بھی اگر اس کو چبھتا ہے، تو اس پر اس کو اجر ملتا ہے ۔ (مسلم)

☆ اذان دینے کا اجر ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : اگر لوگ اذان کے ثواب کو جانتے تو اس کے لئے تلواروں سے لڑتے ۔ (مجمع)

☆ سیکھنے ، سکھانے کا ثواب ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : جو شخص مسجد کی طرف جائے اور اس کا ارادہ صرف یہ ہو کہ کوئی اچھی بات (یعنی : دین کی بات) سیکھے یا سکھائے، تو اس کے لئے حج کرنے کے برابر ثواب ہے ۔ (طبرانی)

☆ قبر پر مٹی ڈالنے کا ثواب ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ جس نے قبر پر تین / ۳ مُٹھی مٹی ڈالی، تو وہ قیامت کے دن اس کے ترازوئے اعمال میں (ثواب کیلئے) وزن کی جائے گی۔ (الکنز)

☆ سورۃ یس کی فضیلت ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : جو شخص ہر رات کو ہمیشہ سورۃ یس پڑھے اور مر جائے تو شہید (کے ثواب کے ساتھ) مرے گا۔
(مجمع)

☆ محرم کے روزے کا ثواب ☆

جس نے محرم کا روزہ رکھا اس کے لئے تیس/۳۰ روزوں کا ثواب ہے ۔ (طبرانی)

☆ نیکی کی ہدایت کرنے والے کا اجر ☆

جس نے نیکی کی ہدایت کی اسے کرنے والے جیسا اجر ملے گا۔ (احمد)

☆ دین پر ثابت قدمی ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ جس وقت میری امت بگڑ جائے اگر اس وقت کوئی آدمی میرے طریقہ پر قائم رہے، تو اس کو شہید کے برابر ثواب ملے گا۔ (رواہ الحاکم فی تاریخ)

☆ سفارش کرنے پر اجر ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ مسلمانوں کے لئے (جائز طور پر) سفارش کیا کرو، تمہیں اسکا اجر ملے گا۔ (ابوداود)

☆ عیادت کا اجر اور تعزیت کی مدت ☆

آپ ﷺ نے فرمایا : سب سے بڑا اجر اس عیادت کا جو ہلکی پھلکی ہو اور تعزیت ایک بار ہونا چاہیے ۔ (کنوز)

☆ نیت و ارادے پر اجر ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ جو شخص (سونے کے لئے) اپنے بستر پر آنے کے وقت یہ نیت رکھے کہ بیدار ہو کر رات کو نماز پڑھوں گا ، پھر صبح تک اس کی آنکھ لگ گئی تو اس کے لئے اس کی نیت کئے عمل کا (یعنی : صلوۃ اللیل کا) اجر لکھا جائیگا اور اس کا وہ سونا اس کے رب کی طرف سے انعام ہو گا۔ (کنوز)

☆ بوجہ بیماری فوت شدہ اعمال کا ثواب ملے گا ☆

آپ ﷺ نے فرمایا : کہ جب بندہ بیمار ہوتا ہے یا سفر کرتا ہے، تو وہ جو نیک عمل مقیم و تندرست ہونے کی حالت کرتا تھا تو ان سب کا ثواب اس کے نامہ اعمال میں لکھا جاتا ہے ۔ (مشکوۃ)

☆ اہل عافیت کی تمنا ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ جب قیامت کے روز اہل بلاء کو ثواب عنایت ہو گا، تو اہل عافیت تمنا کریں گے، کہ کاش دنیا میں ان کی کھالیں قینچیوں سے کترادی جاتیں ۔ (مشکوۃ)

☆ شوال کے روزے اور ثواب ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ جو شخص رمضان کے روزے رکھے اور اس کے بعد چھ /۶ روزے شوال کے مہینے بھر میں رکھ دے، تو اس کو عمر بھر روزہ رکھنے کا ثواب ملتا ہے ۔ (مشکوۃ)

☆ مصیبت زدہ کو تسلی دینا ثواب ہے ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ جس نے کسی مصیبت زدہ کی تسلی کی، تو اس کو اتنا ہی اجر ملے گا، جتنا کہ اس مصیبت زدہ کو ملے گا۔
(مشکوۃ)

☆ مریض کی عیادت کرنے کی فضیلت ☆

مریض کی عیادت کرنے والا جنتی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ مریض کی عیادت کرنے والا جنت کے بالاخانے میں ہو گا یا جنت کے میوے چننے میں مصروف ہو گا۔
(بیہقی)

☆ ستر ہزار فرشتوں کی استغفار ☆

نبی اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ جو شخص مریض کی عیادت کرتا ہے، تو وہ جنت کے باغ میں چلتا ہے، جب وہ مریض کے پاس بیٹھتا ہے، وہ رحمت میں غوطہ زن ہوتا ہے ، اور جب مریض سے واپس جاتا ہے، تو اللہ تعالیٰ اس کے ساتھ ستّر ہزار فرشتوں کو مقرر کر دیتا ہے، جو اس کے لئے استغفار کرتے ہیں اور اس دن اس کی حفاظت کرتے ہیں۔ (بیہقی)

☆ بیماری اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہدیہ ☆

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : کہ بیماریاں اللہ تعالیٰ کی طرف سے بندے کے لئے ہدیہ ہیں۔ (التنزیہ)

☆ کلونجی میں شفاء ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ کلونجی ہر بیماری سے شفاء ہے مگر موت سے نہیں۔ (احمد)

☆ گناہ کی دواء استغفار ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ ہر ایک بیماری کی دواء ہے اور گناہ کی دواء استغفار ہے ۔ (الجامع)

☆ پیٹ کی بیماری کا علاج ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ جس نے چھینک مارتے ہی اَلْحَمْدُلِلّٰہ کہا اسے پیٹ کی بیماری نہ ہوگی ۔ (الدر)

☆ بیماری اللہ تعالیٰ کا کوڑا ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ بیماری اللہ تعالیٰ کا کوڑا ہے ، جس کے ساتھ اپنے بندوں کو ادب سکھاتا ہے ۔ (الجامع)

☆ بیمار پرسی مختصر کی جائے ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : کہ افضل بیمار پرسی وہ ہوتی جس میں مختصر قیام کیا جائے ۔ (بیہقی)

☆ صحت یاب ہونے کی دعا ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا : أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيمَ ط رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ط أَنْ يَشْفِيَكَ،"

ترجمہ : وہ اللہ تعالیٰ جو خود عظیم ہے، اور عظیم عرش کا مالک ہے، میں اس سے سوال کرتا ہوں کہ وہ تمہیں شفاء عطا فرمائے ۔ آنحضرت ﷺ نے بیمار کی عیادت کے وقت سات /۷ مرتبہ پڑھنے کی تلقین فرمائی ۔ آپ ﷺ نے ارشاد فرمایا : کہ جس شخص کی موت کا وقت ہی نہ آچکا ہو، اس کو اس کی دعا کی برکت سے اللہ تعالیٰ شفاء عطا فرمادیتے ہیں۔ (ابوداؤد کتاب الجنائز)

☆ صلوۃ استخارہ ☆

رسول کریم ﷺ صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کو صلوۃ استخارہ کی اسی طرح تعلیم دیتے تھے، جیسے کہ قرآن مجید کی تعلیم دیا کرتے تھے، فرمایا : کہ جب تم کو کوئی کام فکر اور سوچ میں ڈال دے (یعنی : کروں یا نہ کروں) تو اسے دو /۲ رکعت نفل پڑھنی چاہئے، نماز کے بعد یہ کلمات کہے :

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْتَخِيْرُكَ بِعِلْمِكَ وَاَسْتَقْدِرُكَ بِقُدْرَتِكَ وَاَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّكَ تَقْدِرُ وَلَا اَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا اَعْلَمُ وَاَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (اس جگہ جو کام درپیش ہے قصد کرے) خَيْرًا لِّیْ فِیْ دِيْنِیْ وَمَعَاشِیْ وَعَاقِبَةِ اَمْرِیْ اَوْ خَيْرًا لِّیْ فِیْ عَاجِلِ اَمْرِیْ وَاٰجِلِهٖ فَاقْدِرْهُ لِیْ وَيَسِّرْهُ لِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ اَنَّ هٰذَا الْاَمْرَ (یہاں پر دل کا منشاء ظاہر کرے) اِنْ كَانَ شَرًّا لِّیْ فَاصْرِفْهُ عَنِّیْ وَاصْرِفْنِیْ عَنْهُ وَاقْدِرْ لِیَ الْخَيْرَ حَيْثُ مَا كَانَ ثُمَّ اَرْضِنِیْ بِهٖ (ابن ماجه)

* صلوة الحاجة دعائے کرب *

حضرت عبد اللہ بن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : کہ رسول کریم ﷺ تشریف لائے اور فرمایا : کہ جس شخص کو اللہ تعالیٰ کی طرف یا کسی اس کی مخلوق کی طرف کوئی حاجت ہو تو وہ وضوء کرے اور دو / ۲ رکعت نفل پڑھے، پھر یہ کلمات کہے :

لَا إِلٰهَ إِلَّا اللهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ ، سُبْحَانَ اللهِ رَبِّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْئَلُكَ مُوْجِبَاتُ رَحْمَتِكَ وَعَزَائِمُ مَغْفِرَتِكَ وَالْغَنِيْمَةَ مِنْ كُلِّ بِرٍّ وَالسَّلَامَةُ مِنْ كُلِّ إِثْمٍ اَسْأَلُكَ اَنْ لَّا تَدَعَ لِيْ ذَنْبًا إِلَّا غَفَرْتَهُ وَلَا هَمًّا إِلَّا فَرَّجْتَه وَلَا حَاجَةً هِيَ لَكَ رِضًى إِلَّا قَضَيْتَهَا لِيْ.

پھر دنیا اور اخرت کی بات کا اللہ تعالیٰ سے سوال کرے، جو چاہے، اللہ تعالیٰ قادر مطلق ہے ۔

(ابن ماجه)

☆ دعائیں ☆

☆ قرض ادا کرنے سے عاجز آجائے تو یہ دعاء پڑھے ☆

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ ایک غلام میرے پاس آیا، اس نے کہا کہ میں اپنی مکاتیب سے عاجز آگیا ہوں، آپ میری مدد کیجئے، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ میں تجھے ایسے کلمات سکھاتا ہوں، جو مجھے رسول اللہ ﷺ نے سکھائے تھے ۔ اگر تیرے اوپر پہاڑ کے برابر بھی قرض ہو، تو اللہ تعالیٰ تیری طرف سے ادا کریگا ، پڑھ :

اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْ بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَاَغْنِنِيْ بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

(رواہ الترمذی ۵۲۳/۵ ، قَالَ الْحَافِظُ ابْنُ حَجَرٍ بَعْدَ تَخْرِيْجه : حدیث حسن غریب و کتاب الاذکار للنووی ۱۵۹)

☆ جب کوئی مشکل آپڑے، تو یہ دعا پڑھے ☆

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحُزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا.

ترجمہ: اے اللہ جس کو تو آسان بنادے وہی آسانی ہے اور جب تو چاہے غم کو خوشی بنادے۔ (رواہ ابن السنی و ابن حبان و قال الحافظ ابن حجر اسنادہ صحیح ، کتاب الاذکار للنووی ۱۵۸)

☆ مصیبت زدہ کو دیکھ کر پڑھنے کی دعا ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ فَضَّلَنِيْ عَلَيْكَ وَعَلٰى كَثِيْرٍ مِّنْ عِبَادِهٖ تَفْضِيْلًا

ترجمہ: تعریفیں اللہ تعالیٰ کے لئے ہے جس نے مجھے تجھ پر اور اپنے دوسرے بہت سے بندوں پر فضیلت دی۔ (رواہ الطبرانی فی الصغیر ۵/۲ واسنادہ حسن ، مجمع الزوائد ۱۳۸/۱۰ ، رواہ ابن شیبہ ۳۹۵/۱۰ وسندہ صحیح)

☆ کان میں درد ہو تو یہ دعا پڑھے ☆

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں :

جب تم میں سے کسی کے کان میں درد ہو، تو اسے چاہئے ، کہ اللہ تعالیٰ یاد کرے، پھر مجھ پر درود بھیجے اور یہ دعا پڑھے : ذَكَرَ اللّٰهُ مَنْ ذَكَرَنِيْ

ترجمہ: جس نے مجھے یاد کیا اللہ تعالیٰ نے اس کو یاد کیا، (رواہ ابن ابی شیبہ ۴۲۴/۱۰)

☆ بچھو وغیرہ موذی اشیاء اگر ڈس لے تو کونسی دعا پڑھے ؟☆

حضرت علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : نبی اکرم ﷺ کو بچھونے ڈس لیا، اس حال میں کہ آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے ۔ جب آپ ﷺ نماز سے فارغ ہوئے، تو آپ ﷺ نے بچھو پر لعنت کی، فرمایا : بچھو نہ نمازی کو دیکھتا ہے اور نہ کسی اور کو مگر ڈس لیتا ہے ، پھر آپ ﷺ نے پانی اور نمک منگوایا، آپ ﷺ ڈسی ہوئی جگہ پر مسح کرنے لگے اور یہ سورتیں پڑھنے لگے : سورۃ الکفرون ، سورۃ الفلق ، سورۃ الناس ۔ (رواہ ابن ابی شیبہ ۴۱۹/۱)

☆ غصہ دور کرنے کا دعا ☆

إِذَا غَضِبَ الرَّجُلُ فَقَالَ أَعُوْذُ بِاللهِ سَكَنَ غَضَبُه۔

ترجمہ : یعنی : کسی شخص کو غصہ آیا، تو اس نے کہا : أَعُوْذُ بِاللهِ تو اس کا غصّہ جاتا رہا۔ (الاحادیث الصحیحہ ۳۴۴/۳)

نوٹ : غصہ دور کرنے کے لئے صرف اعوذ باللہ بھی پڑھ سکتے ہیں۔

☆ حافظہ مضبوط کرنے کی دعا ☆

حضرت ابو امامہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں : کہ رسول اللہ ﷺ بہت سی دعائیں بتاتے مگر میں یاد نہیں کر پاتا، میں نے کہا : کہ اے اللہ تعالیٰ کے رسول ﷺ آپ بہت سی دعائیں بتاتے ہیں مگر میں کچھ بھی یاد نہیں کر پاتا ؟ آپ ﷺ نے فرمایا : کیا میں تمہیں وہ دعا بتاؤں جو ان تمام دعاؤں کو جمع کر دے ؟ تم اس دعا کو پڑھو :

اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ اَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ وَ نَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا اسْتَعَاذَكَ مِنْهُ نَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ وَأَنْتَ الْمُسْتَعَانُ وَعَلَيْكَ الْبَلَاغُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ ۔

(رواہ الترمذی)

☆ بہرا اور گونگا ہونے سے پناہ طلب کرنا ☆

نبی اکرم ﷺ اس سلسلہ میں یہ دعا پڑھا کرتے تھے : اَللّٰهُمَّ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الصَّمَمِ وَ الْبُكَمِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَ الْمَغْرَمِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنْ مَوْتِ الْهَدَمِ (رواہ التمیمی فی مجمع الزوائد ۱۰/۱۸۸، والبزاز)

☆ قرض سے نجات کیلئے دعا ☆

اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحُزْنِ وَ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْعِجْزِ وَالْكَسَلِ وَاُعُوْذُبِكَ مِنَ الْجُبْنِ وَ الْبُخْلِ وَاُعُوْذُبِكَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّيْنِ وَقَهْرِ الرِّجَالِ. (ابوداود)

☆ صبح کی نماز کے بعد رزق حلال کے حصول کی دعا کرنا ☆

حضرت ام سلمہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کہ جب رسول اللہ ﷺ فجر کی نماز پڑھنے کے بعد یہ دعا پڑھتے تھے : اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْأَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا وَرِزْقًا طَيِّبًا ۔ (رواہ احمد ۶/۲۹۴، وابن ماجه)

☆ حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا کی دعا ☆

حضرت اُم ہانی رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں: کہ وہ نبی کریم ﷺ کے پاس آئیں، انہوں نے کہا: کہ اے اللہ کے رسول ﷺ میں بوڑھی ہو گئی ہوں اور کمزور بھی ہو گئی ہوں، مجھے کوئی ایسا عمل بتادیجئے، جس کو کروں، اس حال میں کہ بیٹھی رہوں، رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم سو/۱۰۰ مرتبہ اللہ اکبر پڑھو، سو/۱۰۰ عمدہ اونٹیاں قبول ہونے والیوں سے بہتر ہے ۔ سو/۱۰۰ مرتبہ سبحان اللہ پڑھو سو/۱۰۰ غلام آزاد کرنے سے بہتر ہے، سو/۱۰۰ مرتبہ

الحمدللہ پڑھو، سو/۱۰۰ گھوڑے زین کسے ہوئے لگام والے جو اللہ کے راستے میں سواری کے لئے دیۓ جاتے ہیں، اس سے بہتر ہے ۔ (رواہ ابن ابی شیبة ۱۰/۲۷۸ واخرجہ عن أم ہانی وسند صحیح)

☆ جب رات کو ڈرنے لگے تو کونسی دعا پڑھے ☆

حضرت عبداللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ رات کو ڈرنے لگنے کے موقع پر چند ایسے کلمات کی تعلیم دیتے (جس کے پڑھنے سے ڈر جاتا رہتا تھا) وہ کلمات یہ ہیں :

بِسْمِ اللهِ أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَعِقَابِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَ

اَنْ يَّحْضُرُوْنِ

(رواه احمد جزء ۱۰/۱۷۰ واسناد صحيح)

☆ بیماری میں پڑھنے کی دعا ☆

حضرت ابو سعید خدری اور ابو ہریرہ رضی اللہ عنہما گواہی دیتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: جس نے یہ دعا اپنے مرض میں پڑھی، پھر وہ مر گیا تو آگ اس کو نہیں جلائے گی۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَ اللهُ اَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ لَهُ

الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللهِ۔

(رواه الترمذی ۵/۴۵۹ ، کتاب الاذکار للنووی ۱۶۸)

☆ درد کے مقام پر ہاتھ رکھ کر پڑھنے کی دعا ☆

رسول اللہ ﷺ فرماتے ہیں: جب تم میں کسی کی درد ہو تو اسے چاہیے کہ درد کے مقام پر اپنا ہاتھ رکھ کر یہ دعا پڑھے :

بِسْمِ اللهِ وَبِاللهِ اَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللهِ وَقُدْرَتِهٖ مِنْ شَرِّ مَا اَجِدُ مِنْ وَجْعِيْ هٰذَا ۔ (الترمذی)

☆ غربت دور کرنے کی دعا ☆

حضرت عبد اللہ بن عمرو رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ رسول اللہ ﷺ جب بدر کے دن ۳۱۵ افراد کے ساتھ نکلے تو آپ ﷺ نے یہ دعا کی: اَللّٰهُمَّ

اِنَّهُمْ حُفَاةٌ فَاحْمِلْهُمْ ، اَللّٰهُمَّ اِنَّهُمْ عُرَاةٌ فَاكْسُهُمْ ، اَللّٰهُمَّ اِنَّهُمْ جِيَاعٌ فَاَشْبِعْهُمْ ۔ (اخرجه

ابوداد ۲۷۴۷، والاحادیث الصحیحه ۴/۳)

پھر اللہ تعالیٰ نے جنگ بدر فتح کروادی، پھر صحابہ کرام رضوان اللہ عنہم لوٹے اس حال میں کہ ہر شخص کے پاس ایک اونٹ یا دو/ ۲ تھے، کپڑے ان کو میسر ہوئے اور بافراغت ہو گئے۔

☆ ذلالت سے نجات، مال اور عزت ملنے کی دعا ☆

روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے بریدۃ الاسلمی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا تمہیں وہ کلمات نہ بتلاؤں: جو اللہ تعالیٰ صرف ان لوگوں کو سکھلاتا ہے ، جن کی بہتری اللہ کو منظور ہو، جب وہ لوگ یہ کلمات سیکھ جاتے ہیں، تو کبھی بھولتے نہیں، بریدہ رضی اللہ عنہ نے کہا: کیوں نہیں؟ یارسول اللہ! مجھے ضرور بتلائیے: فرمایا: کہ یہ کلمات پڑھا کرو:

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ فِيْ رِضَاكَ ضُعْفِيْ وَخُذْ اِلَى الْخَيْرِ بِنَاصِيَتِيْ وَاجْعَلِ الْاِسْلَامَ مُنْتَهٰى

رِضَائِيْ ، اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ ضَعِيْفٌ فَقَوِّنِيْ وَاِنِّيْ ذَلِيْلٌ فَاَعِزَّنِيْ وَاِنِّيْ فَقِيْرٌ فَاَغْنِنِيْ ۔ (احیاء العلوم ۵۱۳/۱) حاکم ۔ بریدۃ

الاسلمی رضی اللہ عنہ)

☆ اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت کا مستحق ہونا ☆

حضرت ابوالدرداء رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ ہر روز سات /۷ بار یہ کلمات پڑھنے والا شخص آخرت کے ہر مرحلے میں اللہ تعالیٰ کی مدد و نصرت کا مستحق ہو گا چاہے، وہ اپنے قول و عمل میں سچا ہو یا جھوٹا ہو، وہ کلمات یہ ہیں :

فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ ۔ سورۃ التوبہ ۱۲۹ (احیاء العلوم ۱/۵۱۵)

☆ گناہوں کا کفارہ ☆

تمام گناہوں کا کفارہ اگر چہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں : **أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِي لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّومُ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ. تین/۳مرتبہ** (مجمع الزوائد)

☆ چار /۴ بیماریوں سے نجات ☆

مندرجہ ذیل دعا پڑھنا چار /۴ بیماریوں جذام، جنون، اندھا ہونا، فالج سے موت تک حفاظت ہے ۔

سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيمِ وَبِحَمْدِهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ (تین /۳) بار صبح و شام

☆ جہنم سے حفاظت ☆

اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ۔ (ابوداود،ترمذی)

☆ مندرجہ ذیل کلمات پڑھنا ناگہانی آفتوں سے حفاظت ہے ☆

بِسْمِ اللّٰہِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِہٖ شَیْءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ وَھُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ۔ تین/۳ مرتبہ صبح وشام (ترمذی)

☆ ہر موذی چیز سے حفاظت ☆

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ۔ تین/۳ مرتبہ (مسلم،ابوداؤد،ترمذی)

☆ قیامت کے روز اللہ تعالیٰ کا بندے کو راضی کرنا ☆

رَضِیْتُ بِاللّٰہِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِیْنًا وَّبِمُحَمَّدٍ رَّسُوْلًا نَّبِیًّا ۔ تین/۳ مرتبہ پڑھنا صبح وشام

☆ دنیاوآخرت کے مسائل کے لئے اللہ تعالیٰ کا کافی ہونا ☆

حَسْبِیَ اللّٰہُ لَآ اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ عَلَیْہِ تَوَکَّلْتُ وَھُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ [التوبۃ:129] سات/۷ مرتبہ

(ابوداؤد ، کنزالعمال ، مجمع الزوائد)

☆ سیّد الاستغفار، جنت کا پروانہ ملنا ☆

اَللّٰھُمَّ أَنْتَ رَبِّی لاَ إِلٰهَ إِلَّا اَنْتَ، خَلَقْتَنِیْ وَأَنَا عَبْدُكَ، وَأَنَا عَلٰی عَھْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ، أَعُوذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ، أَبُوءُلَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَیَّ، وَأَبُوءُلَكَ بِذَنْبِی فَاغْفِرْلِی، فَإِنَّهُ لاَ يَغْفِرُ الذُّنُوبَ إِلَّا أَنْتَ. امرتبہ صبح وشام (بخاری ، ابوداؤد ، ترمذی)

☆ جن بھوت وغیرہ سے حفاظت ☆

ایۃ الکرسی، حٰمٓ تَنْزِيْلُ الْكِتَابِ مِنَ اللّٰهِ الْعَزِيْزِ الْعَلِيْمِ ۙ غَافِرِ الذَّنْبِ وَقَابِلِ التَّوْبِ شَدِيْدُ الْعِقَابِ ذِی الطَّوْلِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ اِلَيْهِ الْمَصِيْرُ امرتبہ پڑھنا صبح وشام

☆ ہر کام کے لے کافی ہونا ☆

سورۃالاخلاص ،سورۃالفلق ،سورۃالناس تین/۳مرتبہ (ابوداؤد ، ترمذی ، نسائی)

☆ ادائیگی قرض اور ہر پریشانی سے نجات کے لے ☆

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهٖ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ مَاشَآءَ اللّٰهُ كَانَ وَمَالَمْ يَشَأْ لَمْ يَكُنْ اَعْلَمُ اَنَّ اللّٰهَ عَلٰی كُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ وَاَنَّ اللّٰهَ قَدْ اَحَاطَ بِكُلِّ شَیْءٍ عِلْمًا ۔(ابوداؤد)

☆ ستر ہزار فرشتوں کی دعا اور شہادت کی موت کے لے ☆

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ السَّمِیْعِ الْعَلِیْمِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھنا اور اس کے بعد سورۃ الحشر کے آخری تین / ۳ آیتیں صبح

وشام پڑھنا تین / ۳ مرتبہ (ترمذی)

☆ اسم اعظم ☆

اسماء بنت یزید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے : کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا : کہ اسم اعظم ان ایتوں میں موجود ہیں۔

(۱) وَاِلٰـھُکُمْ اِلٰہٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِیْمِ ۔ اور آلمّ . اَللّٰہُ لَا اِلٰہَ اِلَّا ھُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ ۔

العمران ۲ (جامع الترمذی، ابوداؤد)

(۲) یَا ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ

(۳) یَا اَرْحَمَ الرّٰحِمِیْنَ

(۴) لَہُ الْمُلْکُ وَلَہُ الْحَمْدُ

(۵) لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ

(۶) وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ (حصن حصین)

اگر اسم اعظم کے وسیلہ سے دعا کی جائے، تو اللہ تعالیٰ قبول فرماتا ہے، اور جب اس کے وسیلہ سے مانگا جائے، تو عطا فرماتا ہیں۔

(سنن ابی داؤد ، ترمذی)

☆ بیماری سے بچنے کی دعا ☆

ایک شخص نے عرض کیا : کہ یارسول اللہ ﷺ میں بیمار رہتا ہوں، میرے صحت کے لئے دعا فرمائیں: تو آپ ﷺ نے فرمایا : کہ کھانے، پینے کے وقت یہ دعا پڑھا کرو :

بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اِسْمِهٖ دَآءٌ فِی الْاَرْضِ وَلَا فِی السَّمَآءِ یَا حَیُّ یَا قَیُّوْمُ (کنز ۱۵/۱۸۱)

☆ جمعہ کی دن اہتمام کی فضیلت ☆

جس نے جمعہ کو غسل کیا، صبح جلدی چلا، امام کے قریب بیٹھا، خاموش رہا، لغو حرکت نہ کی، تو اسے ہر قدم پر ایک سال کے روزے اور نماز کا ثواب ملے گا۔ (ابن ماجہ ۷۶)

☆ نماز کے بعد خصوصی اذکار ☆

جن فرضوں کے بعد سنتیں ہیں، ان میں سنتوں سے فارغ ہو کر اور جن فرضوں کے بعد سنتیں نہیں، ان کے سلام پھرنے کے بعد مندرجہ ذیل اذکار پڑھنا باعث ثواب ہے ۔

(۱) اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ — تین بار

(۲) ایة الکرسی — ایک بار

(۳) سورة الاخلاص — ایک بار

(۴) سورة الفلق — ایک بار

(۵) سورۃ الناس ایک بار

(۶) سبحان اللہ ۳۳ بار، الحمد للہ ۳۳ بار، اللہ اکبر ۳۴ بار

(۷) لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، ایک بار

فائدہ : حدیث شریف میں آیا ہے : کہ جو ایسا کرے اس کے تمام گناہ معاف ہو جاتے ہیں، اگر چہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہوں۔
(مسلم کتاب الاذکار)

☆ اية الكرسي ☆

ہر فرض نماز کے بعد ایۃ الکرسی کے پڑھنے والا ایک نماز سے دوسری نماز تک اللہ کی حفاظت میں رہتا ہے ۔ (طبرانی)

ایک دوسری حدیث میں ہے : کہ جو شخص ہر نماز کے بعد ایۃ الکرسی پڑھے، مرتے ہی جنت کی نعمتوں میں داخل ہو جائے گا۔
(حصن حصین ، طبرانی)

☆ دس لاکھ نیکیاں اور لاکھ گناہ معاف ھو جانا ☆

چوتھا کلمہ توحید بازار میں داخل ہوتے وقت پڑھنے کی وجہ سے اللہ تعالیٰ دس/۱۰ لاکھ نیکیاں لکھ دیں گے اور دس/۱۰ لاکھ گناہ معاف فرمادیں گے اور دس/۱۰ لاکھ درجے بلند فرمادیں گے اور اس کے لئے جنت میں ایک گھر بنادیں گے ۔
(کتاب نماز ۱۲۵ عبد الرحمن میوانی بحوالہ مشکوۃ)

☆ عظیم الشان وظیفہ ☆

حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ سے مرفوعاً روایت ہے: کہ جب سورۃ فاتحہ ، ایۃ الکرسی ، شہد اللہ (العمران ۱۸،۱۹) اور قل **اللّٰهُمَّ مٰلِكَ الْمُلْكِ سے لے کر بِغَيْرِ حِسَابٍ. تك** (العمران ۲۶،۲۷) نازل ہوئی، تو عرش سے معلق ہو کر فریاد کی، کہ

کیا آپ ہم کو ایسی قوم پر نازل فرمارہے ہیں: کہ جو گناہوں کا ارتکاب کریں گے ۔ ارشاد ہوا کہ قسم ہے میری عزت و جلال اور ارتفاع مکان کی، جو لوگ ہر نماز کے بعد تمہاری تلاوت کریں گے، ہم ان کی مغفرت فرمادیں گے اور اس کی ستّر/۷۰ حاجتیں پوری کریں گے، جس کا ادنیٰ درجہ مغفرت ہے۔ (بحوالہ دیلمی)

بعض روایات میں ہے : کہ ہم اس کے دشمنوں پر اس کو غلبہ عطا کردیں گے ۔ (بحوالہ تفسیر روح المعانی ۳/۱۰۶)

☆ پانچ/چیزوں کی حفاظت کی دعا ☆

(۱)دین(۲)نفس(۳)اولاد(۴)اہل وعیال(۵)مال کی حفاظت کے لئے اس دعا کو صبح وشام ایک مرتبہ پڑھ لیں۔

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ بِسْمِ اللهِ عَلٰى دِيْنِيْ وَنَفْسِيْ وَوَلَدِيْ وَاَهْلِيْ وَمَالِيْ (کنزالاعمال ۲/۶۳۶)

☆ ۸۰ سال کے گناہ معاف اور ۸۰ سال کی عبادت کے ثواب والا درود ☆

حضرت سہیل بن عبداللہ، حضرت ابوہریرہ رضی اللہ عنہما فرماتے ہیں : کہ حضرت محمد ﷺ نے فرمایا : کہ جمعہ کے دن عصر کی نماز کے بعد اپنی جگہ سے اٹھنے سے پہلے ۸۰ مرتبہ مندرجہ ذیل درود شریف پڑھے تو اس کے ۸۰ سال کے گناہ معاف ہوں گے اور ۸۰ سال کی عبادت کا ثواب اس کے لے لکھا جائے گا۔ (بحوالہ طبرانی)

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى سَيِّدِنَا مُحَمَّدِنِ النَّبِيِّ الْاُمِّيِّ وَعَلٰى اٰلِهٖ وَسَلِّمْ تَسْلِيْمًا۔

☆ ہر قسم کے شر سے حفاظت ☆

اللهم اِنِّيْ اَعُوْذُبِكَ اَنْ اُشْرِكَ بِكَ وَاَنَا اَعْلَمُ وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ ۳مرتبہ صبح وشام (کنزالعمال ۲/۸۱۶)

☆ تمام امراض کے لے نسخہ شفاء ☆

مندرجہ ذیل آیات مبارکہ پر کسی بھی مریض کو تین مرتبہ دم کردے ۔

۱۔وَنُنَزِّلُ مِنَ الْقُرْآنِ مَا هُوَ شِفَاءٌ وَرَحْمَةٌ لِّلْمُؤْمِنِينَ (اسراء ۸۲/۱)

۲-وَشِفَاءٌ لِّمَا فِي الصُّدُورِ (یونس ۵۸)

۳-وَإِذَا مَرِضْتُ فَهُوَ يَشْفِينِ (الشعراء ۸۰)

۴-رَبِّ أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ (الانبیاء ۸۳)

۵-لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ (الانبیاء ۸۷)

☆ گھر کا امن ☆

سورج نکلنے سے پہلے سو/۱۰۰ مرتبہ یَاوَدُوْدُ پڑھ کر پانی پر دم کر کے مٹکے کے پانی میں ملا کر رکھ لیں، تا کہ سب گھر والے اس کو پیتے رہیں، ان شاء اللہ گھر کی فضا بدل جائے گی اور گھر امن وسکون کا گہوارہ بن جائی گا۔

☆ کامیابی مقصد ☆

رات کو سوتے وقت باوضوء قل ھو اللہ (سورۃ الاخلاص) ۴۱ بار اول و آخر گیارہ /۱۱ مرتبہ درود شریف پڑھ کر حصول مقصد کے لے دعا کریں، ان شاء اللہ کامیاب ہونگے ۔

☆ باکمال وظیفہ ☆

کسی ایک دن نماز تہجد کے بعد جبکہ اپنے اپنے وقت پر پانچوں /۵ پانچوں نمازیں پڑھ چکے ہوں، عشاء کی نماز کے بعد دو /۲ رکعت نفل شکرانہ اور دو /۲ رکعات نفل برائے حاجات کے لے پڑھ کر سو /۱۰۰ مرتبہ

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ نِعْمَ الْمَوْلٰى وَنِعْمَ النَّصِيْرِ پڑھیں۔

جس شخص سے تکلیف ہے ۔ اس سے اپنی تکلیف کا اظہار نہیں کرنا، کسی تیسرے آدمی سے تو سوال ہی پیدا نہیں ہوتا، پھر اس وظیفہ کا کمال دیکھیں۔

☆ مشکل کام کی آسانی ☆

حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ کثرت سے پڑھنا

☆ اپنے مسلمان بھائی کے لئے دعا کرنا ☆

کسی مسلمان کی اپنے مسلمان بھائی کے لے اس کی عدم موجودگی میں دعا ضرور قبول ہوتی ہے، اس کے سرہانے ایک فرشتہ مقرر کر دیا جاتا ہے، جب بھی وہ اپنے بھائی کے لئے دعائے خیر کرتا ہے، تو متعین فرشتہ کہتا ہے : آمین، اور تمہارے لئے بھی ایسا ہی ہو۔

☆ درد والی جگہ پر ہاتھ رکھ کر یہ کہنا ☆

اَسْئَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ ط رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ ط اَنْ يَّشْفِيَكَ ۷ مرتبہ (ترمذی)

☆ بیمار کو اس پر دم کرنا ☆

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ ط مِنْ كُلِّ دَاءٍ يُّؤْذِيْكَ ط وَمِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ اَوْ عَيْنٍ حَاسِدٍ ط اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ ط

بِسْمِ اللّٰهِ اَرْقِيْكَ ۳ دفعہ (مسلم)

بسم اللہ ، اللہ کے نام سے (تین مرتبہ پڑھے) أَعُوذُ بِعِزَّةِ اللَّهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ 7مرتبہ (مسلم)

(شرح الطحاوية-ط الأوقاف السعودية ص:82) ،مرتبہ

☆ دعا کی فضیلت ☆

حدیث پاک میں رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا : کہ جو شخص یہ چاہے، کہ اللہ تعالیٰ اس کی دعا سختیوں اور مصیبتوں کے وقت قبول فرمائیں، اس کو چاہیے کہ وہ فراخی اور خوش حالی میں بھی کثرت سے دعا مانگا کرے ۔ (یعنی ہر وقت دعا کرنا)

اس طرح رسول اکرم ﷺ نے فرمایا : الدُّعَاءُ مُخُّ الْعِبَادَةِ، دعا عبادت کی مغز ہے ۔

☆ دعا مانگنے کے آداب ☆

۱-اخلاص سے دعا مانگنا۔ (حاکم)

۲-کھانے، پینے، پہنے اور کمانے میں حرام سے بچنا۔ (ترمذی)

۳-دعا مانگنے سے پہلے نماز (حاجت) پڑھنا یا نیک کام کرنا۔ (ترمذی)

۴-باوضوء قبلہ رخ ہو کر دعا مانگنا۔ (بخاری)

۵- (دعا مانگنے کے لئے) دو/۲ زانو بیٹھنا۔ (ترمذی)

٦- (دعا مانگنے) سے پہلے اور بعد میں اللہ تعالیٰ کی حمد و ثنا کرنا۔ (صحاح ستہ عن انس رضی اللہ عنہ)

۷-اسی طرح (دعا کے) اول و آخر میں نبی علیہ السلام پر درود و سلام بھیجنا۔ (حاکم)

۸-دونوں ہاتھ پھیلا کر دعا مانگنا۔ (ابوداود)

۹-دعا مانگنے میں عاجزی اور انکساری اختیار کرنا۔ (سورۃ الاعراف)

۱۰-گڑگڑ کر دعامانگنا (ابن شیبہ)

۱۱-اللہ تعالیٰ کے اسماء حسنیٰ اور اعلیٰ صفات کاواسطہ دے کر دعامانگنا۔ (سورۃ الاعراف)

۱۲-تمام جامع (تمام ضروریات وحوائج پر حاوی) دعااختیار کرنا۔ (ابوداود)

۱۳-اپنی ذات شروع سے کرے اور اپنے ماں باپ اور تمام مؤمن بھائیوں کے لئے دعا کرنا ۔ (مسلم)

۱۴-کسی گناہ یا قطع رحمی کی دعانہ کرنا ۔ (مسلم)

۱۵-دل (کی گہرائیوں) سے پوری کوشش ومحنت سے دعامانگے اور دل (دعا کی طرف) پوری طرح متوجہ ہو اور اللہ تعالیٰ سے حسن ظن رکھے ۔ (حاکم)

۱۶-(ایک ہی مقصد کے لئے) بار بار دعامانگے ۔ (بخاری و مسلم)

۱۷-اپنی تمام حاجتیں (چھوٹی، بڑی، معمولی) اللہ تعالیٰ سے مانگے ۔ (مشکوۃ)

۱۸-پورے یقین کے ساتھ اور قطعی طور پر دعامانگنا (اللہ تعالیٰ دعایقیناقبول کرتے ہیں)۔ (بخاری و مسلم)

۱۹-دعاسے فارغ ہو کر دونوں ہاتھ منہ پر پھیرے ۔ (ابوداؤد)

۲۰-دعا کی قبولیت میں جلد بازی نہ کرے، مثلاًیوں نہ کہے: میں نے دعا کی تھی، قبول ہی نہیں ہوئی۔ (بخاری) ماخوذ از حصن

اسماء حسنیٰ اور اسم اعظم کے ساتھ دعا کے قبول ہونے کی فضیلت احادیث میں آئی ہے ۔

حضرت معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: کہ رسول ﷺ نے ایک آدمی کو یہ کہتے ہوئی سنا : **يَاذَى الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ** ،توفرمایا:

کہ تیرے لیے قبولیت کادروازہ کھل گیا، اب تومانگ۔

ایک اور حدیث میں آیا ہے: کہ اسم اعظم ان دو/ ۲ آیاتوں میں ہے، وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ

(بقرہ)

الٓمّٓ اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ (العمران)

☆ صبح کو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَاِلَيْكَ النُّشُوْرُ۔

ترجمہ: اے اللہ! تیری ہی قدرت سے ہم صبح کی وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری قدرت سے ہم جیتے اور مرتے ہیں اور تیری ہی طرف جانا ہے ۔

☆ شام کو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰهُمَّ بِكَ اَمْسَيْنَا وَبِكَ اَصْبَحْنَا وَبِكَ نَحْيٰى وَبِكَ نَمُوْتُ وَاَلَيْكَ الْمَصِيْرُ (ابوداؤد)

ترجمہ :اے اللہ! تیری قدرت سے کہ ہم شام کے وقت میں داخل ہوئے، اور تیرے ہی قدرت سے ہم صبح کے وقت میں داخل ہوئے اور تیری ہی قدرت سے جیتے اور مرتے ہیں، اور مرے ہی پیچھے جی اٹھ کر تیری ہی طرف جانا ہے ۔

☆ بیت الخلاء میں داخل ہونے کی دعا ☆

بیت الخلاء جائے تو داخل ہونے سے پہلے بِسْمِ اللّٰہ کہے : حدیث شریف میں ہے : کہ شیطان کی آنکھوں اور انسانوں کی شرم گاہوں کے درمیان بِسْمِ اللّٰہِ آڑ بن جاتی ہے، اور پھر یہ دعا پڑھے : اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ۔

(بخاری و مسلم)

☆ بیت الخلاء سے نکلنے کی دعا ☆

غُفْرَانَكَ اس کے بعد یہ دعا پڑھے

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَذْھَبَ عَنِّی الْاَذٰی وَعَافَانِیْ (مشکوۃ)

☆ وضو کی دعائیں ☆

وضو شروع کرے تو بِسْمِ اللّٰہِ وَالْحَمْدُ لِلّٰہِ یا بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ پڑھے ۔

(مشکوۃ)

☆ وضو کے درمیان میں یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ اغْفِرْلِیْ ذَنْبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ (حصن)

☆ وضو سے فارغ ہو کر آسمان کی طرف نظر کر یہ دعا پڑھے ☆

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ لَا شَرِیْكَ لَہٗ وَاَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ

حدیث شریف میں ہے جو وضو کے بعد یہ دعا پڑھ لے، اس کے لئے جنت کے آٹھوں دروازے کھول دیئے جاتے ہیں جس دروازے سے چاہے داخل ہو۔ (مسلم)

☆ اس کے بعد یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ اجْعَلْنِیْ مِنَ التَّوَّابِیْنَ وَاجْعَلْنِیْ مِنَ الْمُتَطَھِّرِیْنَ

☆ مسجد میں داخل ہونے کی دعائیں ☆

بِسْمِ اللهِ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی رَسُوْلِ اللهِ اَللّٰھُمَّ افْتَحْ لِیْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ (مشکوۃ)

☆ نفلی اعتکاف کے لئے دل میں نیت کرے ☆

نَوَیْتُ الْاِعْتِكَافَ مَا دُمْتُ فِیْ هٰذَا الْمَسْجِدِ

☆ مسجد میں بیٹھے بیٹھے یہ پڑھتا رہے ☆

سُبْحَانَ اللهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللهُ وَاللهُ اَكْبَرُ۔

☆ مسجد سے نکلنے کی دعا ☆

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ مِنْ فَضْلِكَ

☆ آذان ختم ہونے کے بعد درود پڑھ کر یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ رَبَّ ھٰذِہِ الدَّعْوَۃِ التَّآمَّۃِ وَ الصَّلٰوۃِ الْقَائِمَۃِ آتِ مُحَمَّدَنِ الْوَسِیْلَۃَ وَالْفَضِیْلَۃَ وَ ابْعَثْہُ

مَقَامًا مَّحْمُوْدَنِ الَّذِیْ وَعَدْتَّہٗ (بخاری)

☆ فرض نماز کے بعد کی دعائیں ☆

فرض نماز کا سلام پھیر کر تین / ۳بار استغفر اللہ کہے پھر یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ یَاذَی الْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ (مسلم)

☆ سورج نکلنے وقت کی دعا ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ اَقَالَنَا یَوْمَنَا ھٰذَا وَلَمْ یُھْلِكْنَا بِذُنُوْبِنَا

سب تعریفیں اللہ ہی کے لے ہیں، جس نے آج ہمیں معاف رکھا اور گناہوں کے سبب ہمیں ہلاک نہ فرمایا

☆ نماز فجر اور مغرب کے بعد دعائیں ☆

آپ ﷺ نے فرمایا: کہ نماز فجر اور مغرب سے فارغ ہو کر سات / ۷ مرتبہ کہو: اَللّٰھُمَّ اَجِرْنِیْ مِنَ النَّارِ (ابوداؤد)

☆ گھر سے نکلنے کی دعا ☆

بِسْمِ اللّٰہِ تَوَكَّلْتُ عَلَی اللّٰہِ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ

فضیلت: حدیث شریف میں ہے: کہ جو شخص گھر سے نکلتے وقت اس دعا کو پڑھے، تو اس کو (غائبانہ) ندا دی جاتی ہے، کہ تجھے ہدایت دی گئی اور تیری کفایت کی گئی اور تیری حفاظت کی گئی اور (ان کلمات کو سن کر) شیطان اس سے ہٹ جاتا ہے ۔ (ترمذی ، ابوداؤد)

☆ گھر میں داخل ہونے کی دعا ☆

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُكَ خَیْرَ الْمَوْلَجِ وَخَیْرَ الْمَخْرَجِ بِسْمِ اللّٰہِ وَلَجْنَا وَبِسْمِ اللّٰہِ خَرَجْنَا وَعَلَی اللّٰہِ رَبِّنَا تَوَکَّلْنَا پڑھے

اور اس کے بعد اپنے گھر والوں کو سلام کرے ۔ (مشکوۃ)

حضرت جابر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے: کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کہ جب انسان اپنے گھر میں داخل ہو کر اللہ تعالیٰ کا ذکر کریں اور کھانے کے وقت (بھی) اللہ کا ذکر کرے، تو شیطان اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے: کہ یہاں نہ رات کو رہ سکتے ہو اور نہ ان لوگوں کے رات کے کھانے میں سے کچھ پا سکتے ہو، اور اگر گھر میں داخل ہوتے وقت اللہ پاک کا ذکر نہیں کیا تو شیطان اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے: کہ یہاں تمہیں رات کو رہنے کا موقع مل گیا اور اگر کھانے کے وقت بھی اللہ تعالیٰ کا ذکر نہیں کیا تو شیطان اپنے ساتھیوں سے کہتا ہے: کہ یہاں تمہیں رات کو رہنے کے ساتھ کھانا بھی مل گیا۔ (مشکوۃ باب الاطعمہ)

☆ کھانا شروع کرنے کی دعا ☆

بِسْمِ اللّٰہِ وَبَرَکَۃِ اللّٰہِ (مستدرك)

اگر شروع میں بسم اللہ بھول گیا، تو یاد آنے پر یہ دعا پڑھے ۔

بِسْمِ اللّٰہِ اَوَّلَہٗ وَآخِرَہٗ (ابوداؤد)

فائدہ : کھانے پر بسم اللہ نہ پڑھی جائے، تو شیطان کو اس کے ساتھ کھانے کا موقع مل جاتا ہے ۔

☆ کھانے کے بعد کی دعائیں ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَجَعَلَنَا مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ (ترمذی، ابوداؤد)

فائدہ : جو کھانے کے اول اور اخر میں مندرجہ بالا دعائیں پڑھتے ہیں، تو قیامت کے دن اس کھانے کی پوچھ نہیں ہوگی۔ (حصن)

☆ دودھ پینے کی دعا ☆

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِیْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ (ترمذی)

☆ دعوت کھانے کی دعا ☆

اَللّٰهُمَّ اَطْعِمْ مَنْ اَطْعَمَنِیْ وَاسْقِ مَنْ سَقَانِیْ (حصن)

☆ میزبان سے رخصت ہونے کی دعا ☆

اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِیْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ (مشکوۃ)

☆ پانی پینے کی دعا ☆

پانی یا اور کوئی چیز بیٹھ کر پیئے اور اونٹ کی طرح ایک سانس میں نہ پیئے بلکہ تین/۳ سانسوں میں پیئے اور برتن میں سانس نہ پھونک مارے، اور جب پینے لگے تو **بِسْمِ اللّٰهِ** پڑھے جب پی چکے تو **اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ** کہے ۔ (مشکوۃ)

☆ آب زم زم پی کر یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُكَ عِلْمًا نَافِعًا وَّرِزْقًا وَّاسِعًا وَّشِفَآءً مِنْ دَآءٍ (حصن)

☆ روزہ افطار کی دعا ☆

اَللّٰھُمَّ لَكَ صُمْتُ وَعَلٰی رِزْقِكَ اَفْطَرْتُ (ابوداؤد)

☆ کھانے کے بعد ہاتھ دھونے وقت کی دعا ☆

اَللّٰھُمَّ اَشْبَعْتَ وَاَرْوَیْتَ فَھَنِّنَا وَرَزَقْتَنَا فَاَکْثَرْتَ وَاَطَبْتَ فَزِدْنَا (حصن)

☆ کپڑا پہننے کی دعائیں ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ ھٰذَا وَرَزَقَنِیْہِ مِنْ غَیْرِ حَوْلٍ مِّنِّیْ وَلَا قُوَّۃٍ (مشکوۃ)

فائدۃ : جس شخص نے یہ دعامانگ کر نیا کپڑا پہننا، اس کے اگلے پچھلے سب گناہ معاف کر دیئے جائیں گے ۔

☆ نیا کپڑا پہننے کی دعا ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ کَسَانِیْ مَا اُوَارِیْ بِہٖ عَوْرَتِیْ وَاَتَجَمَّلُ بِہٖ فِیْ حَیَاتِیْ

فائدہ : حضرت عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں : کہ رسول اللہ ﷺ نے ارشاد فرمایا : کہ جو شخص نیا کپڑا پہن کر یہ دعا پڑھے اور پھر پرانے کپڑے کو صدقہ کرے، تو زندگی میں اور مرنے کے بعد اللہ کی حفاظت اور اللہ تعالیٰ ان کو پردہ دے گا، مصیبتوں سے اور اس کے گناہوں کو پوشیدہ رکھے گا۔ (مشکوۃ)

☆ کپڑا اتارتے وقت کی دعا ☆

بِسۡمِ اللّٰہِ کہہ کر اتارے ۔

☆ مسلمان کو نیا لباس پہنے دیکھ کر یہ دعا پڑھے ☆

تُبۡلِیۡ وَ یُخۡلِفُ اللّٰہُ

☆ آئینہ میں دیکھنے کی دعا ☆

اَللّٰھُمَّ اَنۡتَ حَسَّنۡتَ خَلۡقِیۡ فَحَسِّنۡ خُلُقِیۡ (حصن)

عورت نکاح کر کے لائے یا نیا جانور خریدے، تو یہ درجہ ذیل پڑھے، جب کوئی پہلی مرتبہ بیوی کے پاس جائے، تو بیوی کی پیشانی کے بال پکڑ کر یہ دعا کرے اور اگر کوئی جانور ہو، تو اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھ کر، اونٹ ہو تو کوہان پکڑ کر یہ دعا پڑھے ۔

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُکَ مِنۡ خَیۡرِھَا وَ خَیۡرِ مَا جَبَلۡتَھَا عَلَیۡہِ وَ اَعُوۡذُبِکَ مِنۡ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جَبَلۡتَھَا عَلَیۡہِ۔ (ابوداؤد)

☆ دولہا کو مبارک باد دینے کی دعا ☆

بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ وَ بَارَکَ عَلَیۡکُمَا وَ جَمَعَ بَیۡنَکُمَا فِیۡ خَیۡرٍ (مشکوۃ)

☆ بیوی سے ہمبستری کی دعا ☆

بِسۡمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبۡنَا الشَّیۡطَانَ وَ جَنِّبِ الشَّیۡطَانَ مَا رَزَقۡتَنَا (بخاری ۲: ۶۵۲)

اس دعاکو ضرور پڑھنا چاہیئے، کیونکہ ہمبستری کے وقت اللہ تعالیٰ کا نام نہ لینے سے شیطان بھی اس میں شریک ہوتا ہے ۔ (مظاھر حق)

☆ بچہ بولنا شروع کرے تو سکھلائے ☆

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللہُ (حصن)

☆ چاند کی طرف دیکھنے کی دعا ☆

اَعُوْذُ بِاللہِ مِنْ شَرِّ ھٰذَا الْغَاسِقِ (حصن)

☆ نیا چاند دیکھنے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ اَھْلَہٗ عَلَیْنَا بِالْیُمْنِ وَ الْاِیْمَانِ وَ السَّلَامَۃِ وَ الْاِسْلَامِ وَ التَّوْفِیْقِ لِمَا تُحِبُّ وَ تَرْضٰی رَبِّیْ وَ رَبُّکَ اللہُ۔ (حصن حصین)

☆ کسی کو رخصت کرنے کی دعا ☆

اَسْتَوْدِعُ اللہَ دِیْنَکَ وَ اَمَانَتَکَ وَ خَوَاتِیْمَ عَمَلِکَ (ترمذی)

☆ سفر میں جانے والے کو یہ دعا دے ☆

زَوَّدَکَ اللہُ التَّقْوٰی وَ غَفَرَ ذَنْبَکَ وَ یَسَّرَ لَکَ الْخَیْرَ حَیْثُ مَا کُنْتَ (ترمذی)

☆ مسافر چلا جائے تو یہ دعا دے ☆

اَللّٰھُمَّ اَطْوِلَہُ الْبُعْدَ وَھَوِّنْ عَلَیْہِ السَّفَرَ (ترمذی)

☆رخصت ہونے والا جاتے وقت یہ دعا دے☆

اَسْتَوْدِعُکَ اللہَ الَّذِیْ لَا تَضِیْعُ وَدَآئِعُہٗ (حصن)

☆ سفر کا ارادہ کرے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ بِکَ اَصُوْلُ وَبِکَ اَحُوْلُ وَبِکَ اَسِیْرُ (حصن حصین)

☆ سواری کی دعا ☆

جب سوار ہونے لگے اور رکاب یا پائدان پر قدم رکھے تو بِسْمِ اللہِ کہے اور جب جانور کی پشت پر بیٹھ جائے یا سوار ہو جائے تو اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ کہے ۔پھر یہ آیت پڑھے :

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا ھٰذَا وَمَا کُنَّا لَہٗ مُقْرِنِیْنَ ط وَاِنَّآ اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ[الزخرف: 13،14]

اس کے بعد تین/۳بار الحمدللہ اور تین/۳بار اللہ اکبر اور ایک مرتبہ لا الہ الا اللہ کہے، پھر یہ دعا پڑھے۔

-سُبْحَانَکَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ فَاِنَّہٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ (مشکوۃ)

☆ کسی منزل پر اترے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ

فائدہ: اس کے پڑھ لینے سے کوئی چیز ضرر نہ پہنچائیگی۔ (مسلم)

☆ جب کسی بستی داخل ہونے لگے ☆

تو تین/۳بار یہ دعا پڑھے:

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْھَا (حصن)

☆ اس کے بعد یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ ارْزُقْنَا جَنَاھَا وَحَبِّبْنَا اِلٰی اَھْلِھَا وَحَبِّبْ صَالِحِیْ اَھْلِھَا اِلَیْنَا (حصن)

☆ سفر میں سحر کے وقت تین/۳مرتبہ بلند آواز کہے ☆

سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰہِ وَ نِعْمَتِہٖ وَ حُسْنِ بَلَآئِہٖ عَلَیْنَا رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَ اَفْضِلْ عَلَیْنَا عَائِذاً بِاللّٰہِ

مِنَ النَّارِ (حصن)

☆ سفر سے سے واپس ہونے کی دعا ☆

اٰئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ سَاجِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ (مشکوۃ)

☆ مصیبت زدہ یا بیمار کو دیکھ کر یہ دعا پڑھے ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ الَّذِیْ عَافَانِیْ مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهٖ وَفَضَّلَنِیْ عَلٰی کَثِیْرٍ مِّمَّنْ خَلَقَ تَفْضِیْلاً (مشکوۃ)

فائدہ: جو شخص کسی کو دیکھ کر کہ وہ اس مصیبت میں ہے، تو مذکورہ بالا دعا پڑھنا چاہئیے، اس کے پڑھنے والا زندگی بھر اس دکھ درد سے محفوظ رہے گا۔
(مشکوۃ)

☆ اگر پڑھنے سے دل اُچاٹ ہو جائے، تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ انْفَعْنِیْ وَارْزُقْنِیْ عِلْمًا تَنْفَعُنِیْ بِهٖ

☆ جب کوئی مصیبت پہنچے، تو یہ دعا پڑھے ☆

اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّآ اِلَیْهِ رٰجِعُوْنَ

☆ جب کسی دشمن سے خوف ہو تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِیْ نُحُوْرِھِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِھِمْ (ابوداؤد)

☆ جب کسی مریض کی عیادت کرے تو یہ دعا پڑھے ☆

لَا بَأْسَ طَھُوْرٌ اِنْ شَآءَ اللّٰہُ

☆ اور سات /۷ مرتبہ اس کے شفایاب ہونے کی یوں دعا کرے ☆

اَسْئَلُ اللّٰہَ الْعَظِیْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِیْمِ اَنْ یَشْفِیَکَ

ترجمہ : میں اللہ تعالیٰ سے سوال کرتا ہوں، جو بڑا ہے اور بڑے عرش کا رب ہے، کہ تجھے شفا دیوے ۔

فائدہ : حضور اکرم ﷺ نے فرمایا: کہ سات /۷ مرتبہ اس کے پڑھنے سے مریض کو ضرور شفا ہو گی، ہاں! اگر اس کی موت ہی آ گئی ہو، تو اور بات ہے ۔ (مشکوۃ)

☆ بارش کے لے تین /۳ باریوں دعا کرے ☆

اَللّٰھُمَّ اَنْزِلْ عَلٰی اَرْضِنَا زِیْنَتَھَا وَسَکَنَھَا (حصن)

ترجمہ :اے اللہ ! ہماری زمین پر اس کی زینت اور اس کا چین اُتار۔

☆ جب بارش ہونے لگے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ صَیِّباً نَّافِعًا (بخاری)

ترجمہ : اے اللہ تعالیٰ! اس کو بہت برسنے والا اور نفع بخش بنا۔

☆ جب کوئی پریشانی ہو تو یہ دعائیں کثرت کے ساتھ پڑھے ☆

(۱) حَسْبُنَا اللّٰہُ وَنِعْمَ الْوَکِیْلِ (بخاری)

ترجمہ : ہمیں اللہ تعالیٰ کافی ہے ۔ وہ بڑا اچھا کارساز ہے ۔

(۲) اَللّٰہُ اَللّٰہُ رَبِّیْ لَآ اُشْرِکُ بِہٖ شَیْئًا (حصن عن ابی داؤد)

ترجمہ : اللہ، اللہ میرا پروردگار ہے ۔ میں اس کے ساتھ کسی کو بھی شریک نہیں کرتا۔

(۳) یَاحَیُّ یَاقَیُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ اَسْتَغِیْثُ (مستدرك حاکم)

ترجمہ :اے (ہمیشہ ہمیشہ)زندہ رہنے والے، اے (تمام مخلوق کو) قائم رکھنے (اور سنبھالنے) والے، تیری ہی رحمت کے واسطے سے فریاد کرتا ہوں

۔

(۴) لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (ترمذی)

ترجمہ : تیرے سوا کوئی لائق عبادت نہیں، تو پاک ذات ہے ،بے شک میں ہی (اپنے اوپر) ظلم کرنیوالوں میں سے ہوں۔

فائدہ : جو بھی مسلمان آدمی کسی بھی مقصد کے لے اس آیت کر کو پڑھ کر دعا مانگے گا، تو اللہ تعالیٰ اس کی دعا ضرور قبول فرمائیں گے ۔ ان شاء اللہ

☆ شب قدر کی یہ دعا ہے ☆

اَللّٰھُمَّ اِنَّكَ عَفُوٌّ تُحِبُّ الْعَفْوَ فَاعْفُ عَنِّیْ (ترمذی)

ترجمہ:اے اللہ تعالیٰ !بے شک تو بہت معاف کرنے والا ہے ۔ معاف کرنے کو پسند بھی کرتا ہے، پس تو مجھے معاف فرمادے ۔

☆ مسلمان سے اظہار محبت کا طریقہ ☆

جب کسی مسلمان بھائی سے محبت اور دوستی کرے، تو اس کو بتلادے اور کہے اِنِّیْٓ اُحِبُّكَ فِی اللہِ (حصن)

ترجمہ : میں تجھ سے (محض) اللہ تعالیٰ کے لے محبت کرتا ہوں۔

☆ اس شخص کو اس کی جواب میں یہ کہنا چاہیے ☆

اَحَبَّكَ الَّذِیْ اَحْبَبْتَنِیْ لَهُ (حصن)

ترجمہ : تجھ سے وہ اللہ تعالیٰ محبت کرے، جس کے لئے تو مجھ سے محبت کرتا ہے ۔

☆ اپنے ساتھ احسان کرنے والے کو یہ دعا دیو دے ☆

جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْراً (مشکوۃ)

ترجمہ : اللہ تجھے جزائے خیر دے ۔

فائدہ : جب کسی نے احسان کرنے والے کے احسان پر جزاک اللہ خیرا کہہ دیا، تو اس کی تعریف اور شکریہ کا حق ادا کر دیا۔

☆ قرض دار قرضہ ادا کرے، تو اس کو یہ دعا دے ☆

اَوْفَيْتَنِیْ اَوْفَى اللّٰهُ بِكَ (حصن)

ترجمہ : تو نے میرا پورا قرضہ ادا کر دیا، اللہ تعالیٰ تمہیں اس کا پورا اجر دے ۔

☆ کوئی اچھی اور پسندیدہ چیز دیکھے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ بِنِعْمَتِهٖ تَتِمُّ الصَّالِحَاتُ (حصن)

ترجمہ :سب تعریفیں اسی اللہ کے لئے ہیں، جس کی انعام (کی مدد) سے نیک کام پورے ہوتے ہیں۔

☆ ناگوار اور ناپسندیدہ چیز دیکھے، تو یہ دعا پڑھے ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ (حصن)

ترجمہ :اللہ تعالیٰ کا شکر ہے ہر حال میں۔

☆ کوئی چیز گم ہو ☆

غلام یا جانور بھاگ جائے، تو یہ دعا پڑھے

اَللّٰھُمَّ رَآدَّ الضَّآلَّةِ وَھَادِیَ الضَّلاَلَةِ اَنْتَ تَھدِیْ مِنَ الضَّلاَلَةِ اُرْدُدْ عَلَیَّ ضَآلَّتِیْ بِقُدْرَتِكَ وَ

سُلْطَانِكَ فَاِنَّھَا مِنْ عَطَآئِكَ وَفَضْلِكَ

ترجمہ : اے اللہ ! گم ہوئی چیزوں کو واپس لانے والے، اور بھٹکے ہوئے کو راستہ دکھانے والے، تو ہی بھٹکے ہوئے کو راستہ دکھاتا ہے، تو اپنی قدرت اور طاقت سے میری کھوئی ہوئی چیز کو دلادے، اس لے کہ وہ چیز تیری ہی دی ہوئی اور تیرے ہی فضل وانعام میں سے ہے ۔ (حصن)

☆ جس کی زبان تیزی کا علاج ☆

جس کی زبان بہت چلتی ہو، تو اسے چاہیے کہ استغفر اللہ پڑھا کرے ۔ نسائی

ترجمہ: میں اللہ تعالیٰ سے مغفرت کا سوال کرتا ہوں، اس کی زبان کی تیزی میں کمی آجائیگی۔

☆ وساس یا غصہ آئے، گدھے یا کتّے کی آواز سنے ☆

اَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ پڑھے ۔

ترجمہ : میں اللہ تعالیٰ کی پناہ لیتا ہوں، شیطان مردود سے،

☆ اور جب مرغ کی آواز سے تو پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ اِنِّیۡ اَسۡئَلُكَ مِنۡ فَضۡلِكَ

ترجمہ :اے اللہ! میں تجھ سے فضل کا سوال کرتا ہوں۔ (بخاری ، مسلم)

☆ بادل آتا ہوا نظر پڑے تو یہ دعا ☆

عَائِشَةَ رَضِيَ اللهُ عَنْهَا أَنَّ رَسُولَ اللهِ (صلی اللہ عَلَيْهِ وسلم) كَانَ إِذَا رَأَى الْمَطَرَ قَالَ: " اللَّهُمَّ

صيبا نَافِعًا[السنن والمبتدعات المتعلقة بالأذكار والصلوات ص: 281]اَللّٰھُمَّ اِنَّا

نَعُوۡذُبِكَ مِنۡ شَرِّ مَا اُرۡسِلَ بِهٖ اَللّٰھُمَّ صَیِّبًا نَافِعًا (حصن حصین)

ترجمہ :اے اللہ ! ہم تجھ سے پناہ مانگتے ہیں، اس چیز کے شر سے جو یہ بادل لایا ہو، اے اللہ! (بارش) کو خیر و برکت اور منفعت والا بنادے ۔

☆ جب بارش ہونے لگے، تو یہ دعا پڑھے ☆

اللھم صَیِّبًا نَافِعًا (بخاری)

ترجمہ : اے اللہ! خوب برسنے اور نفع دینے والی بارش برسا۔

☆ حد سے زیادہ بارش کے وقت یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ حَوَا الَیۡنَا وَ لَا عَلَیۡنَا ، اَللّٰھُمَّ عَلَی الۡاٰکَامِ وَ الۡاٰجَامِ وَ الظِّرَابِ وَ الۡاَوۡدِیَةِ وَ مَنَابِتِ

الشَّجَرِ

ترجمہ :اے اللہ ! ہماری بستیوں کے ارد گرد (برسا) ہم پر نہ برسا۔ اے اللہ ! پہاڑیوں پر، جنگلوں میں، ندی نالوں اور وادیوں پر اور درخت اگنے کے مقامات پر (بارش برسا)۔ (بخاری و مسلم)

☆ جب کڑکنے اور گرجنے کی آواز سنے، تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰهُمَّ لَا تَقْتُلْنَا بِغَضَبِكَ وَلَا تُهْلِكْنَا بِعَذَابِكَ وَعَافِنَا قَبْلَ ذَالِكَ (حصن)

ترجمہ :اے اللہ !تو ہمیں اپنے غضب سے نہ مار اور اپنے عذاب سے ہمیں ہلاک نہ کر اور اس سے پہلے ہی ہمیں امن وعافیت عطا فرمادے ۔

☆ آندھی کی طرف منہ کرکے دو/۲ زانو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهَا رَحْمَةً وَّلَا تَجْعَلْهَا عَذَابًا (حصن)

ترجمہ :اے اللہ ! تو اس ہوا کو رحمت بنادے اور عذاب و قہر خداوندی نہ بنا۔

فائدہ :اگر آندھی کے ساتھ اندھیرا بھی ہو، جس کو کالی آندھی کہتے ہیں، تو **قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ** اور **قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ** بھی پڑھے۔ (ابوداؤد)

☆ بدشگونی کا کفارہ ☆

کسی چیز یا حالت کو دیکھ کر ہرگز بدفالی نہ لے، اس کو حدیث مبارکہ میں شرک بتایا گیا ہے ۔ (حصن حصین)

☆ جب کوئی بدشگونی کی ناگوار بات دیکھے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰهُمَّ لَا يَأْتِيْ بِالْحَسَنَاتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا يَذْهَبُ بِالسَّيِّاٰتِ اِلَّا اَنْتَ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِكَ۔

ترجمہ :اے اللہ! تیرے سوا کوئی اچھائیوں کو نہیں لا سکتا، اور تیرے سوا کوئی برائیوں کو دور نہیں کر سکتا اور طاقت اور قوت تیری مدد کے بغیر (میّسر) نہیں۔

☆ مصیبت کے وقت کی دعا ☆

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أَجِرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَاَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِّنْهَا (مسلم)

ترجمہ : بے شک ہم سب اللہ کے ہی ہیں اور ہم اس کی طرف لوٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! میری اس مصیبت میں مجھے اجر دے اور اس کے عوض مجھے بہتر بدل عطا فرما۔

☆ پھوڑا، پھنسی اور زخم کی دعا ☆

جب بدن میں کسی جگہ تکلیف ہو یا پھوڑا، پھنسی ہو یا زخم ہو تو شہادت کی انگلی پر اپنا لعاب لگا کر زمین پر رکھ دیں، پھر اٹھا کر تکلیف کی جگہ پر پھیرتے ہوئے یہ دعا پڑھے :

بِسْمِ اللهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا لِيَشْفَىٰ سَقِيمُنَا بِإِذْنِ رَبِّنَا [صحیح البخاری]

ترجمہ: اللہ کے نام کے ساتھ ہماری زمین کی مٹی، ہم ہی میں سے کسی کے تھوک میں ملی ہوئی ہے، تاکہ ہماری بیماری کو ہمارے رب کے حکم سے شفا ہو۔

☆ میت کو قبر میں رکھنے کے وقت کی دعا ☆

بِسْمِ اللهِ وَعَلٰى مِلَّةِ رَسُوْلِ اللهِ (حصن)

ترجمہ : اللہ کے نام کے ساتھ اور اللہ (کے حکم) سے ہم اس کو رسول اللہ کی ملت پر (دفن کرتے ہیں)۔

☆ قبرستان میں جائے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَلسَّلَامُ عَلَیْکُمْ یَا اَھْلَ الْقُبُوْرِ یَغْفِرُ اللہُ لَنَا وَلَکُمْ اَنْتُمْ سَلَفُنَا وَنَحْنُ بِالْاَثَرِ (ترمذی)

ترجمہ :اے قبرستان والو! تم پر سلام، اللہ ہماری بھی مغفرت کردے، اور تمہاری بھی مغفرت فرمادے، تم ہم سے پہلے چلے گئے ہو، ہم بھی تمہارے پیچھے، پیچھے آرہے ہیں۔

☆ تعزیت کرنے کی دعا ☆

اِنَّ لِلّٰہِ مَا اَخَذَ وَلِلّٰہِ مَا اَعْطٰی وَکُلٌّ عِنْدَہٗ بِاَجَلٍ مُّسَمًّی فَلْتَصْبِرْ وَلْتَحْتَسِبْ (حصن)

ترجمہ :بے شک اللہ ہی کا تھا، جو اس نے لے لیا اور اللہ تعالیٰ ہی کا تھا جو اس نے عطا کیا تھا، اور اللہ تعالیٰ کے ہاں ہر ایک کی اجل (مدت) مقرر اور متعین ہے، پس تم صبر کرو، اور ثواب حاصل کرو۔

☆ جب آگ لگتی دیکھے ☆

جب آگ لگتی دیکھے تو اللہ اکبر کے ذریعہ بجھادے یعنی :اللہ اکبر کہے، اس سے وہ آگ بجھ جائے گی۔ (ابو یعلیہ و ابن سنی)

☆ نیا پھول پاس آئے تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ ثَمَرِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ مَدِیْنَتِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَبَارِکْ لَنَا فِیْ مُدِّنَا

(حصن)

اے اللہ !تو ہمارے پھلوں میں برکت دے اور ہمارے شہر میں برکت دے اور ہمارے صاع (بڑے پیمانوں) میں برکت دے اور ہمارے مُد (چھوٹے پیمانوں) میں برکت دے ۔(مشکوۃ)

☆ بیماری میں آیت کریمہ کی فضیلت ☆

لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ إِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِينَ۔

ترجمہ : تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بے شک میں ہی ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔(سورۃ الانبیاء: 87)

حضور اکرم ﷺ نے فرمایا : جس نے اپنی مرض کی حالت میں چالیس / ۴۰ مرتبہ یہ پڑھ لی اگر وفات پاگیا تو شہیدوں کا ثواب پائیگا اور اگر تندرست ہو گیا، تو اس کے سارے گناہ بخش دے جائیں گے ۔ (حصن حصین)

☆ مرنے کے وقت کی دعائیں ☆

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ الْاَعْلٰى۔

ترجمہ :اے اللہ ! مجھے بخشش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق اعلیٰ (انبیاء وصالحین) کے ساتھ ملا دے ۔ (حصن حصین)

اور یہ دعا بھی کرتا ہے ۔

اَللّٰهُمَّ اَعِنِّيْ عَلٰى غَمَرَاتِ الْمَوْتِ وَسَكَرَاتِ الْمَوْتِ۔ (ترمذی)

ترجمہ : اے اللہ! تو موت کی سختیوں پر اور جان کنی (کی تکلیف) پر میری مدد فرما۔

☆ ڈاکوں سے حفاظت کی دعا ☆

يَاوَدُوْدُ يَاذَاالْعَرْشِ الْمَجِيْدُ يَافَعَّالًا لِّمَا يُرِيْدُ اَسْئَلُكَ بِعِزَّتِكَ الَّتِيْ لَا تُرَامُ وَمُلْكِكَ الَّذِيْ لَا يُضَامُ وَبِنُوْرِكَ الَّذِيْ مِلَأَ اَرْكَانَ عَرْشِكَ اَنْ تَكْفِيَنِيْ شَرَّ هٰذَا اللِّصِّ يَا مُغِيْثُ اَغِثْنِيْ۔

تین/۳مرتبہ (حیاۃ الصحابہ)

ترجمہ :اے بہت محبت کرنے والے !اے بڑی عرش والے !اے ہر اس کام کو لینے والے ، جس کا تُو ارادہ کرکے !میں تیری اس عظمت کے واسطے سے جس کو کوئی مانگنے کا سوچ بھی نہیں سکتا اور تیری اس بادشاہت کے واسطے سے جس پر کوئی عالب نہیں آسکتا اور تیرے اس نور کے واسطے سے جس نے تیرے عرش کے تمام کونوں کو بھرا ہوا ہے، یہ سوال کرتا ہوں، کہ تو مجھے اس ڈاکو کے شر سے بچالے، اے فریاد درس میری فریاد کو پہنچ۔

☆ شیطان سے حفاظت ☆

حدیث میں آیا ہے : کہ جو شخص دن میں دس/۱۰ مرتبہ اللہ تعالیٰ کی پناہ مانگے گا، شیطان سے تو اللہ تعالیٰ اس کو شیطان سے بچانے کے لے ایک فرشتہ مقرر فرمادیں گے ۔

اَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ (حصن)

☆ کسی مسلمان کو ہنستا دیکھے تو یوں دعا کرے ☆

اَضْحَكَ اللّٰهُ سِنَّكَ۔

ترجمہ : اللہ تعالیٰ تجھے ہنساتا رہے

☆ مریض مسلمان کی عیادت کے وقت دعا ☆

لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ۔

ترجمہ :کچھ ڈر نہیں، ان شاء اللہ یہ بیماری گناہوں سے پاک کرنے والی ہے ۔

☆ سوتے وقت کی دعا ☆

اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيٰى (بخاری ومسلم)

☆ نیند سے جاگنے کی دعا ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ اَحْيَانَا بَعْدَ مَا اَمَاتَنَا وَاِلَيْهِ النُّشُوْرُ (ابوداؤد، احمد)

ترجمہ : سب تعریفیں اللہ کے لئے ہیں، جس نے ہمیں مرنے کی بعد زندہ کیا اور اسی کی طرف اٹھ کر جانا ہے ۔

☆ چھینکتے وقت چھینکنے والا یہ دعا پڑھے ☆

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ ترجمہ : سب تعریفیں اللہ کے لئے ہے ۔

☆ سننے والا یہ دعا پڑھے ☆

يَرْحَمُكَ اللّٰهُ ترجمہ :اللہ تعالیٰ تجھ پر رحم فرمائے ۔

☆ پھر چھینکنے والا یہ دعا ☆

يَهْدِيْكُمُ اللّٰهُ وَيُصْلِحُ بَالَكُمْ (بخاری)

ترجمہ :اللہ تعالیٰ تمہیں ہدایت بخشے اور تمہاری حالت درست کر دے ۔

☆ صحت خیریت اور عافیت کی دعا ☆

اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْحَمْنِيْ

ترجمہ : اے اللہ !تو مجھے ہدایت نصیب کر اور رزق دے اور عافیت عطا کر اور مجھ پر رحم کر۔

☆ بحری جہاز یا کشتی میں سوار ہو تو یہ دعا پڑھے ☆

{بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖىهَا وَمُرْسٰىهَا اِنَّ رَبِّيْ لَغَفُوْرٌ رَّحِيْمٌ} [هود: 41]

ترجمہ : اللہ کے نام کے ساتھ ہے اس کا چلنا اور اس کا ٹھرنا، بے شک میرا رب بخشنے والا مہربان ہے ۔

☆ جب کسی دشمن کا خوف ہو تو یہ دعا پڑھے ☆

اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُبِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ (ابوداؤد)

ترجمہ : اے اللہ ! ہم تجھے ان دشمنوں کے سینوں میں تصرف کرنے والا بناتے ہیں اور ان کی شرارتوں کے تیری پناہ مانگتے ہیں۔

☆ باہم مشورہ کرتے وقت یہ دعا پڑھے ☆

تا کہ نفس امارہ کی شرارتوں سے حفاظت رہے ۔

اَللّٰهُمَّ اَلْهِمْنَا مَرَاشِدَ اُمُوْرِنَا وَعِذْنَا مِنْ شُرُوْرِ اَنْفُسِنَا وَمِنْ سَيِّاٰتِ اَعْمَالِنَا

ترجمہ :اے اللہ تعالیٰ ہمیں بھلائی کے کام کرنے کی تلقین فرما اور ہمیں، ہمارے نفسوں کی شرارت اور بُرے کاموں سے محفوظ فرما۔

ایمان مفصل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ وَمَلٰٓئِکَتِہٖ وَکُتُبِہٖ وَرُسُلِہٖ۔

میں ایمان لایا اللہ پر اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر

وَالْیَوْمِ الْاٰخِرِ وَالْقَدْرِ خَیْرِہٖ وَشَرِّہٖ۔

اور قیامت کے دن پر اور اس پر کہ اچھی اور بری تقدیر

مِنَ اللّٰہِ تَعَالٰی وَالْبَعْثِ بَعْدَ الْمَوْتِ

اللہ تعالیٰ کی طرف سے ہے اور موت کے بعد اٹھائے جانے پر بھی میں ایمان لایا۔

ایمان مجمل

اٰمَنْتُ بِاللّٰہِ کَمَا ھُوَ بِاَسْمَائِہٖ وَصِفَاتِہٖ۔

میں ایمان لایا اللہ تعالیٰ پر جیسا کہ وہ اپنے ناموں اور اپنے صفتوں کے ساتھ ہے ۔

وَقَبِلْتُ جَمِیْعَ اَحْکَامِہٖ اِقْرَارٌ بِاللِّسَانِ۔

اور میں نے قبول کیا اُس کے سارے حکموں کو زبان سے اقرار کرتا ہوں۔

وَتَصْدِیْقٌ بِالْقَلْبِ

اور دل سے تصدیق کرتا ہوں۔

☆ شش کلمہ ☆

اول کلمہ طیبہ

لَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰہِ

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں حضرت محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔

☆ دوسرا کلمہ شہادت ☆

اَشْھَدُ اَنْ لَّا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَحْدَہٗ۔

میں گواہی دیتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے ۔

لَا شَرِیْکَ لَہٗ وَ اَشْھَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُہٗ وَرَسُوْلُہٗ۔

اس کا کوئی شریک نہیں اور میں گواہی دیتا ہوں کہ حضرت محمد ﷺ اس کی بندے اور رسول ہیں۔

☆ تیسرا کلمہ تمجید ☆

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَ الْحَمْدُ لِلّٰہِ وَلَا اِلٰہَ اِلَّا اللّٰہُ وَاللّٰہُ اَکْبَرُ۔

پاک ہے اللہ تعالیٰ اور تمام تعریفیں ہی اللہ کے لئے ہے، اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّۃَ اِلَّا بِاللّٰہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

اور اللہ تعالیٰ سب سے بڑا ہے، اور گناہوں سے بچنے کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے، جو عالیشان اور عظمت والا ہے ۔

☆ چوتھا کلمہ توحید ☆

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهٗ لَا شَرِيْكَ لَهٗ۔

اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔

لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ۔

اُسی کی بادشاہی ہے اور اُسی کے لئے تمام تعریفیں ہیں۔

وَهُوَ حَيٌّ لَّا يَمُوْتُ بِيَدِهِ الْخَيْرُ۔

وہ زندہ کرتا ہے اور وہی مارتا ہے وہ زندہ ہے جو مرے گا نہیں۔

وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ۔

بھلائی اُس کی ہاتھ میں ہے، اور وہ ہر چیز پر قادر ہے ۔

☆ پانچواں کلمہ استغفار ☆

اَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ رَبِّيْ مِنْ كُلِّ ذَنْبٍ۔

میں اللہ تعالیٰ سے معافی مانگتا ہوں جو میرا پرودگار ہے، ہر گناہ سے

اَذْنَبْتُہٗ عَمَدًا اَوْ خَطَأً۔

جو میں نے جان بوجھ کر یا بھول کر

سِرًّا اَوْ عَلَانِیَۃً وَاَتُوْبُ اِلَیْہِ مِنَ۔

چھپا کر یا کھلم کھلا اور میں توبہ کرتا ہوں، اُس کے حضور میں اس

الذَّنْبِ الَّذِیْ اَعْلَمُ وَمِنَ الذَّنْبِ الَّذِی۔

گناہ سے جو مجھے معلوم ہے اور اس گناہ سے جو

لَا اَعْلَمُ اِنَّكَ اَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ وَسَتَّارُ۔

مجھے معلوم نہیں، بے شک تو غیبوں کا جاننے والا ہے، اور عیبوں کا

الْعُیُوْبِ وَغَفَّارُ الذُّنُوْبِ وَلَا حَوْلَ وَلَا

چھپانے والا ہے اور گناہوں کا بخشنے والا ہے، اور گناہوں سے بچنے

قُوَّۃَ اِلَّا بِاللہِ الْعَلِیِّ الْعَظِیْمِ۔

کی طاقت اور نیک کام کرنے کی قوت اللہ تعالیٰ ہی کی طرف سے ہے، جو عالیشان اور عظمت والا ہے ۔

☆ ششم کلمہ رَدِّ کفر ☆

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْۤ اَعُوْذُبِكَ مِنْ۔

الٰہی میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس بات سے

اَنْ اُشْرِكَ بِكَ شَيْئًا وَّاَنَا اَعْلَمُ بِهٖ۔

کہ تیرا شکر بناؤں اس چیز کو جیسے میں جانتا ہوں

وَاَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا اَعْلَمُ بِهٖ تُبْتُ عَنْهُ۔

اور معافی مانگتا ہوں تجھ سے اس (گناہ) کی جس کا مجھے علم نہیں، میں نے اس سے توبہ کی

وَتَبَرَّأْتُ مِنَ الْكُفْرِ وَالشِّرْكِ وَالْكِذْبِ۔

اور میں بیزار ہوں کفر سے اور شرک سے اور جھوٹ سے

وَالْغِيْبَةِ وَالْبِدْعَةِ وَالنَّمِيْمَةِ وَالْفَوَاحِشِ۔

اور غیبت سے اور بدعت سے اور چغلی سے اور بے حیائی کے کاموں سے

وَالْبُهْتَانِ وَالْمَعَاصِيْ كُلِّهَا وَاَسْلَمْتُ وَاَقُوْلُ۔

اور تہمت لگانے سے اور باقی ہر قسم کی نافرمانیوں سے اور میں ایمان لایا

لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللهُ مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللهِ۔

اور کہتا ہوں کہ اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی معبود نہیں، حضرت محمد ﷺ اللہ تعالیٰ کے رسول ہیں۔

☆مہلک امراض اور خطرات سے حفاظت ☆

اپنے بعض بزرگوں سے منقول ہے: کہ جو شخص فجر اور مغرب کی نماز کے بعد ان پانچ /۵ اسماء حُسنیٰ کو روزانہ گیارہ /۱۱ مرتبہ پڑھنے کا معمول بنائے گا، تو وہ ان شاء اللہ کبھی کسی گندی بیماری میں مبتلاء نہیں ہو گا اور نہ ہی اسے اچانک کوئی حادثہ پیش آئے گا اور وہ ہمیشہ خوش و خرم زندگی گزارے گا۔ وہ آسماء مبارکہ یہ ہیں :

یَااَللّٰہُ یَارَحْمٰنُ یَارَحِیْمُ مٰالِكُ قُدُّوسٌ۔ (مجرب اور مبارک دعائیں مفتی تقی عثمانی مدظلہ)

☆ ہر بیماری سے شفاء کیلئے خاص درود شریف ☆

ہر بیماری اور درد کے دور ہونے کیلئے اول و اخر مذکورہ درود شریف پڑھیں، اور درمیان میں سورۃ فاتحہ، اس طرح سے شروع کریں : کہ بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ میں اَلرَّحِیْمِ کی میم کو اَلْحَمْدُ کے لام کی ساتھ ملا کر یوں مِلْحَمْدُ پڑھ کر دم کریں، اور قدرت کا تماشا دیکھیں، درود شریف یہ ہیں:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ بِعَدَدِ کُلِّ دَاءٍ وَّدَوَآءٍ وَّبَارِكْ وَسَلِّمْ۔ (بحوالہ درود و سلام کا حسین مجموعہ مفتی عبدالرؤف سکھروی)

☆ عتیق اللہ سے ملقّب ہونا ☆

ابن عباس رضی اللہ عنہ نبی کریم ﷺ کا ارشاد نقل کرتے ہیں : کہ جو شخص کسی دن مندرجہ ذیل دعا ہزار مرتبہ پڑھ لے، تو گویا اس نے اپنا نفس خرید کر عذاب الہی سے بچالیا، اور زندگی کے آخری دن وہ شخص عتیق اللہ (یعنی : اللہ تعالیٰ کا آزاد کیا ہوا) کے لقب سے ملقب ہو گا۔

اسی طرح ایک واقعہ ہے: کہ ایک صحابی رضی اللہ عنہ جنہوں نے آپ ﷺ سے شکایت کی، کہ دنیا مجھ سے روٹھ گئی : یعنی مال واسباب نہیں ہے، تو آپ ﷺ نے یہی دعا دن میں سو/ ۱۰۰ مرتبہ پڑھنے کو بتائی، کچھ عرصے کے بعد انہی صحابی رضی اللہ عنہ کا قول ہے، کہ دنیا پھر سے لوٹ کر میرے پاس آگئی، یعنی مال واسباب میں بہت ترقی ہو گی، دعا یہ ہے :

سُبْحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمْدِہٖ۔ (رواہ ترمذی، طبرانی و مجالس سنیہ)

☆ یہ دعا ہر مسلمان کو پڑھنا چاہیئے ☆

حفاظت کا ایک اور عمل

آپ ﷺ نے حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ کو یہ دعا سکھائی

اَللّٰھُمَّ اِنِّیْٓ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِیْ دِیْنِیْ وَدُنْیَایَ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ (رواہ بخاری شریف)

☆ مرض وفات میں پڑھنے سے شہادت کا درجہ ☆

جو شخص اس دعا کو مرض وفات میں ۴۰ مرتبہ پڑھے گا، اس کو شہادت کا درجہ نصیب ہو گا، ان شاء اللہ

لَآ اِلٰہَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ (رواہ الحاکم)

☆ عمل مختصر کا ثواب ☆

حضور اکرم ﷺ نے ایک مرتبہ حضرت علی رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کہ اے علی! رات کو سوتے وقت ایک حج کر کے سویا کرو، اور قرآن مجید پڑھ کر سویا کرو اور دو/ ۲ لڑنے والوں میں صلح کرا کے سویا کرو، جنت کی قیمت ادا کر کے سویا کرو، اور چار ہزار دینار صدقہ کر کے سویا کرو، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا : یارسول اللہ ﷺ ! یہ تو بہت مشکل کام ہیں، ان کا پورا کرنا، تو کسی کے بس میں نہیں، آپ ﷺ نے فرمایا : کہ جو رات کو سونے سے پہلے تین/ ۳ مرتبہ تیسرا کلمہ پڑھ لے، تو اس کو حج کا ثواب ملے گا، اسی طرح تین/ ۳ دفعہ سورۃ اخلاص پڑھنے سے اس کو ایک قرآن مجید

پڑھنے کا ثواب ملے گا، اور جس نے تین /۳ مرتبہ درود شریف پڑھا، تو اس کو دو /۲ لڑنے والوں کے درمیان صلح کرانے کا ثواب ملے گا، جس نے چوتھا کلمہ پڑھا، تو گویا اس نے جنت کی قیمت ادا کر دی اور جس نے چار /۴ مرتبہ سورۃ فاتحہ پڑھی، اس کو چار ہزار دینار صدقہ کرنے کا ثواب ملے گا، حضرت علی رضی اللہ عنہ نے عرض کیا : یارسول اللہ ﷺ ! پھر تو یہ کام روزانہ کر کے سویا کروں گا، چنانچہ آخری عمر تک آپ رضی اللہ عنہ کا یہ معمول رہا۔ (مجرب اور مبارک دعائیں مفتی تقی عثمانی مدظلہ)

☆ چوبیس /۲۴ گھنٹے درود شریف پڑھے رہنا ☆

جو شخص دن اور رات کے شروع میں تین تین مرتبہ یہ درود شریف پڑھے تو ایسا ہو گا، کہ گویا وہ چوبیس /۲۴ گھنٹے درود شریف پڑھتا رہا ہو،

اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اَوَّلِ كَلَامِنَا ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اَوْسَطِ كَلَامِنَا ، اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ فِيْ اٰخِرِ كَلَامِنَا ۔ (بحوالہ درود و سلام کا حسین مجموعہ)

☆ فرض نمازوں کے بعد سورتیں پڑھنے کے فضائل ☆

روایات میں آیا ہے: کہ جو شخص صبح کی نماز کے بعد سورۃ یسین پڑھا ہو تو اس کے دن بھر کے تمام کام آسان ہو جاتے ہیں، اور اس کے جملہ حاجات پورے ہوتے ہیں، اور جو کوئی ظہر کے نماز کے بعد سورۃ الفتح پڑھ لے، وہ دشمنوں اور حاسدوں کے شر سے محفوظ رہتا ہے اور جو عصر کے نماز کے بعد سورۃ النبا پڑھ لے، تو یہ اس کے گناہوں کی تلافی کر دیتی ہے، اور جو نماز مغرب کے بعد کے بعد ہمیشہ سورۃ الواقعہ پڑھتا ہے، اسکو کبھی فاقہ اور قحط کی شکایت نہیں ہو گی، اور اسی طرح جو عشاء کی نماز کے بعد سورۃ الملک (یعنی : تبارک الذی) پڑھنے کو معمول بنائے ، تو اس کو عذاب قبر سے محفوظ کر دیا جاتا ہے ۔ (حصن حصین)

☆ صبح و شام ایک مرتبہ پڑھنے سے چہرے کا چاند کی طرح چمکنا ☆

جو شخص یہ درود شریف صبح و شام ایک ایک مرتبہ پڑھے، تو اس کا چہرہ چاند کی طرح چمکنے لگے گا:

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ صَلٰوتِكَ شَیْءٌ وَ بَارِكْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ بَرَکَاتِكَ شَیْءٌ وَارْحَمِ النَّبِیَّ مُحَمَّدًا ط حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ رَّحْمَتِكَ شَیْءٌ وَ سَلِّمْ عَلَی النَّبِیِّ مُحَمَّدٍ حَتّٰی لَا یَبْقٰی مِنْ سَلَامِكَ شَیْءٌ۔ (مفتی تقی عثمانی مدظلہ بحوالہ درودوسلام کا حسین مجموعہ)

☆ سورۃ الاخلاص کے فضائل وخواص ☆

۱-روایت میں یہ بات مذکور ہے: کہ جو شخص صبح کو دس/ ۱۰ مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھ لے، توان شاءاللہ اس کے سب گھر والے حتی کہ اس کے پڑوسی بھی حفاظت وامن میں رہیں گے، اور شام تک ستّر ہزار فرشتے اس کی حفاظت کریں گے ۔

۲-اگر وہ اسی دن فوت ہو جائے، توشہید کے درجے کو پائے گا۔

۳-نبی کریم ﷺ سے حدیث ترمذی میں منقول ہیں، کہ جو شخص سورۃ الاخلاص کو ۲۰۰ دفعہ روزانہ پڑھے گا، تو اللہ تعالیٰ اس پر رزق کے دروازے کھول دے گا، اور دس/ ۱۰ محل اس کے لے جنت میں ایسے بنائے جائیں، جن کی نظیر دنیامیں نہیں ملتی۔

۴-نبی کریم ﷺ سے ایک صحابی رضی اللہ عنہ نے عرض کی یارسول اللہ ﷺ ! میں اس سورۃ الاخلاص سے بہت محبت کرتاہوں، تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ محبت تجھے جنت میں لے جائے گی۔(ابن کثیر)

۵-آپ ﷺ نے فرمایا: کہ جس مسلمان نے صبح کے وقت اس سورت کو پڑھا، تو اللہ تعالیٰ اس کے گھر والوں اور پڑوسیوں کو بھی ستّر ہزار فرشتوں کی حفاظت میں دیں گے ۔

۶-باوضو ۲۰۰ مرتبہ پڑھنا : ۳۰۰ دروازے رزق کا کھولنا بغیر مشقت کے ۔

۷-اس پر اللہ تعالیٰ کی طرف سے ۳۰۰ دروازے غضب کے بند ہو جائینگے، (جیسے بیماری، دشمن، حادثات وغیرہ سے نجات)۔

۸-جو انسان ایک دن میں ۲۰۰ مرتبہ سورۃ الاخلاص پڑھے گا، ان کو ۶۶ مرتبہ قرآن ختم کرنے کا ثواب ملے گا۔

۹-اللہ تعالیٰ ان کو اپنی علم سے علم دے گا۔

۱۰-اس انسان پر اللہ تعالیٰ ۳۰۰دروازے اپنی رحمت کے کھول دے گی۔(جیسے :صحت،مال،نیک بیوی،اولاد وغیرہ)

۱۱-اس انسان کے ۵۰ ہزار صغیرہ گناہ معاف ہونگے۔

۱۲-جو کوئی سورۃ الاخلاص کو ۲۰۰ مرتبہ جس دن پڑھتاہے،تواس دن اس بندے کو ۲۰۰۰ ہزار رکعات نوافل کاثواب ملتاہے ۔

۱۳-سورۃ الاخلاص کاپڑھنے والاجب فوت ہو جاتاہے،تواس کے جنازے میں ایک لاکھ دس ہزار فرشتے شرکت کریں گے ۔

☆ ہر حاجت،ہر مشکل کیلئے مجرب عمل ☆

مصّنف شمسُ المعارف الکبریٰ حضرت علامہ بونی رحمۃ اللہ اور بعض دیگر بزرگوں نے لکھاہے: کہ چاہے،کتنے ہی مشکل کام میں پھنساہو یاپریشانی ہو،تو یہ عمل کریں،ان شاءاللہ کام باآسانی ہو جائیگا،شرط یہ ہے :کہ

۱-اس عمل سے مقصود رضائے الٰہی ہو،

۲-جائز مقصد کے لئے کیاجائے،

عمل یہ ہے: کہ بعد عشاء اول واخر ۱۰۰مرتبہ درود شریف،اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ اَفْضَلَ صَلٰوتِكَ درمیان میں گیارہ سو/۱۱۰۰ مرتبہ اَلْمُعْطِیْ ھُوَ اللہُ پڑھیں اور اپنے جائز مقصد کیلئے دعاکریں،ان شاءاللہ وہ کام پوراہو گا،اَلْمُعْطِیْ ھُوَ اللہُ،اللہ تعالیٰ کے مبارک نام ہے،کہ تقریباہزاروں ناموں کامجموعہ ہے،اور اللہ تعالیٰ کے اسم کی برکت سے کوئی شخص انکار نہیں کر سکتا۔

☆ دعابرائے حفاظت سحر ☆

حضرت کعب بن احبار رضی اللہ عنہ نے فرمایا: کہ اگر میں یہ کلمات نہ کہتاہو تا،تویہودی مجھے (جادو سے) گدھابنادیتے،وہ کلمات یہ ہیں،

اَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰہِ الْعَظِیْمِ الَّذِیْ لَیْسَ شَیْءٌ اَعْظَمَ مِنْہُ وَبِکَلِمَاتِ اللّٰہِ التَّآمَّاتِ الَّتِیْ لَا یُجَاوِزُھُنَّ

بِرٌّ وَّلَا فَاجِرٌ وَبِاَسْمَاءِ اللّٰہِ الْحُسْنٰی کُلِّھَا مَا عَلِمْتُ مِنْھَا وَمَا لَمْ اَعْلَمُ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَءَ وَذَرَءَ۔

(مجرب اور مبارک دعائیں ص۵۷)

☆ دعا برائے حفاظت ☆

حضرت انس رضی اللہ عنہ بیان فرماتے ہیں: کہ مجھے حضور اکرم ﷺ نے ایک ایسی دعا بتائی ہے، جس کے پڑھنے کے بعد مجھے نہ شیطان کا ڈر معلوم ہوتا ہے، اور نہ کسی حاکم کا اور نہ کسی درندے وغیرہ کا، اس دعا کا پڑھنے والا ہر شر سے محفوظ رہے گا، ان شاء اللہ تعالیٰ

بِسْمِ اللّٰہِ عَلٰی دِیْنِیْ وَنَفْسِیْ وَوَلَدِیْ وَاَھْلِیْ وَمَالِیْ (کنز العمال)

☆ قرض کی ادائیگی ☆

اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ

ظہر کی نماز کے بعد یہ درود شریف سو/۱۰۰ مرتبہ پڑھنے والے کو تین/۳ باتیں حاصل ہوں گی،

۱- کبھی مقروض نہ ہوگا۔

۲- اگر قرض ہوگا، تو ادا ہو جائیگا، خواہ کتنا بھی ہو۔

۳- قیامت کے دن اس کا حساب نہ ہوگا۔ (درود و سلام کا مجموعہ)

☆ مشکل سے مشکل کام کا حل ☆

بعد از نماز عشاء یا سوتے وقت اول و آخر گیارہ /۱۱ بار درود شریف کے ساتھ ۴۱ بار آیت الکرسی صدق دل سے پڑھیں،(تصور حال کے ساتھ) تو مشکل سے مشکل کام بڑی آسانی سے حل ہو جائے گا،۴۱ شب حسب ضرورت و حسب حال پڑھیں۔

☆ تمام پریشانیوں کا حل ☆

بعد از نماز فجر مندرجہ ذیل آیات ساٹھ /۶۰ مرتبہ پڑھیں، یقین کامل اور تصور کے ساتھ پڑھیں، ان شاء اللہ پریشانیوں سے نجات مل جائے گی،

- وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَلِيًّا
- وَ كَفٰى بِاللّٰهِ حَسِيْبًا
- وَ كَفٰى بِاللّٰهِ عَلِيْمًا
- وَ كَفٰى بِاللّٰهِ وَ كِيْلاً
- وَ كَفٰى بِاللّٰهِ شَهِيْداً

☆ لاعلاج مرض ☆

حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ سے روایت ہے : کہ حضرت ﷺ نے فرمایا: کہ جو شخص بارش کا پانی لے کر اس پر مندرجہ ذیل آیات پڑھے گا، تو قسم ہے، اس ذات کی جس کے دست قدرت میں میری جان ہے، اور جبرائیل علیہ السلام نے مجھے خوشخبری دی ہے، کہ جو شخص متواتر سات /۷ دن صبح کے وقت اس پانی کو پیئے گا، تو اللہ تعالیٰ ہر ایک بیماری سے اس کو دور فرمادیں۔

آیۃ الکرسی ۷۰ بار

الحمد شریف ۷۰بار

سورۃ الاخلاص ۷۰بار

تینوں قل شریف ۷۰بار

☆ شوگر کا علاج ☆

رَبِّ أَدْخِلْنِي مُدْخَلَ صِدْقٍ وَأَخْرِجْنِي مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا

نَصِيرًا[الإسراء:80]

۴۱دن تک تین/۳مرتبہ شام اور تین/۳صبح یہ دعا پڑھ کر پانی پر دم کر کے پیا کریں،ان شاء اللہ شوگر کا مرض جاتا رہے گا۔

☆ ہر کام اللہ تعالیٰ بنائے ☆

اگر کوئی شخص مندرجہ ذیل دو/۲ آیات مبارکہ کو ہر نماز کے بعد سات/۷ مرتبہ پڑھا کرے،یا عشاء کی نماز کے بعد ۴۱ مرتبہ پڑھے،تو اس کا ہر کام اللہ تعالیٰ بنائے گا،اگر ضعیف ہو،تو قوی ہو جائے گا،رسوا ہو تو عزت دار ہو جائے گا،قرض دار ہو،تو اسے قرض سے نجات ملے گا،غم والے ہو،تو دور ہو جائے گا،عسرت و تنگی ہو،تو خداوند کریم رزق و فلاح کے دروازے اس پر کھول دے گا،قید ہو،تو ان شاء اللہ نجات پائے گا،پہلی آیت کشائش رزق اور ہر آفت سے محفوظ رہنے کے لے ہے اور دوسری آیت حب و تسخیر کے لئے ۔(بحوالہ خزینۃ الاسرار) (مجرّبات افضل)

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِنْ أَنْفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ حَرِيصٌ عَلَيْكُمْ بِالْمُؤْمِنِينَ رَءُوفٌ

رَحِيمٌ ٭ فَإِنْ تَوَلَّوْا فَقُلْ حَسْبِيَ اللَّهُ لَا إِلَهَ إِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ۔

[التوبة: 128،129]

☆ غیبی امداد ☆

بعد از نماز مغرب صرف ۱۴۰ بار اَللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ پڑھ لیا کریں، سارے معاملات اور مشکل اللہ تعالیٰ کے حکم سے حل ہو جائیں گے، غیب سے

اواد ہو جائے گی، اور اس اسم مبارک کی برکت سے کار سازی ہو گی۔ (بحوالہ چشمہ فیوض)

☆ حاکم کے سامنے پیشی ☆

جب آپ حاکم کے سامنے جائیں، تو مندرجہ ذیل آیات کو گیارہ / ۱۱ مرتبہ پڑھ لیں:

وَاللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ عَلٰى مَا تَصِفُوْنَ

☆ ہر چیز سے کفالت ☆

رسول اللہ ﷺ کا ارشاد ہے : کہ صبح و شام تین، تین بار سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس کا پڑھنا، ہر چیز سے کفالت کرتا ہے، اور ہر برائی کو

دفع کرتا ہے ۔(مشکوۃ)

☆ حصول اولاد کے لئے ☆

جس شخص کو اولاد کی طرف سے مایوسی ہو، وہ ہر نماز کے بعد تین / ۳ مرتبہ مندرجہ ذیل آیات پڑھا کرے، تو ان شاء اللہ صاحب اولاد ہو جائے گا، یہ

دعا زکریا علیہ السلام کی ہے، ان کو جب اولاد کی طرف سے مایوسی ہو گئی تھی، تو انہیں اس دعا کی بدولت فرزند عطا ہوا تھا،

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

رَبِّ لَا تَذَرۡنِیۡ فَرۡدًا وَّ اَنۡتَ خَیۡرُ الۡوٰرِثِیۡنَ ۚ رَبِّ هَبۡ لِیۡ مِنۡ لَّدُنۡكَ ذُرِّیَّةً طَیِّبَةً اِنَّكَ سَمِیۡعُ الدُّعَآءِ۔

☆ نافرمان اولاد ☆

جس شخص کی اولاد نافرمان ہو، اسے چاہئے کہ روزانہ کثرت سے اس ایت کریمہ کی ورد کریں، اَصۡلِحۡ لِیۡ فِیۡ ذُرِّیَّتِیۡ اِنِّیۡ تُبۡتُ اِلَیۡكَ وَ اِنِّیۡ مِنَ الۡمُسۡلِمِیۡنَ۔

☆ دماغ تیز کرنے کے لئے ☆

ہر نماز کے بعد ۱۴ مرتبہ پڑھ لیا کریں

رَبِّ اشۡرَحۡ لِیۡ صَدۡرِیۡ وَیَسِّرۡ لِیۡۤ اَمۡرِیۡ

وَاحۡلُلۡ عُقۡدَةً مِّنۡ لِّسَانِیۡ یَفۡقَهُوۡا قَوۡلِیۡ

اور گیارہ مرتبہ رَبِّ زِدۡنِیۡ عِلۡمًا پڑھا کریں۔

اہم گزارش:

یہ کتاب میں نے طالب علمی کے دور میں لکھی تھی۔اگر اس میں کوئی غلطی ہو یا کمزور بات لکھی گئی ہو تو معذرت خواں ہوں۔

دملاویدو پتہ:

ظہور احمد دکان ترخہ اڈا نز د سرکاری ہسپتال
مدرسہ اشاعت القرآن والسنۃ بھٹی بازار گئی
0346-9801030
0332-9928275